ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com

روزنامہ

چیف ایگزیکٹو: ڈاکٹر عمران حسین

کشمیر دھرتی راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ایڈیٹر: عمر خیام

جلد03 | منگل 04 فروری 2025ء 05 شعبان 1446ھ، 24 ماگھ 2081 | صفحات04 / قیمت20 روپے | شمارہ نمبر286

راولاکوٹ نوکری کا جھانسہ دے کر نوجوانوں کو لوٹنے والا بین الاضلاعی گروہ گرفتار، تفتیش جاری

پولیس نے اس وقت کاروائی عمل میں لائی جب یہ گروہ شہر کے ایک سرکاری ادارے میں امیدواران کا انٹرویو کر رہا تھا جبکہ ان کی شارٹ لسٹنگ 9 دسمبر 2024 کے امتحان کے بعد کی گئی

میرپور، راولپنڈی، مظفرآباد اور راولاکوٹ میں ماہ دسمبر کے دوسرے ہفتہ میں ان آسامیوں کیلئے اپلائی کرنے والے امیدواران سے تحریری ٹیسٹ لیا گیا جن کا مرحلہ وار انٹرویو جاری تھا

2 روز قبل یہ گروہ مظفرآباد میں انٹرویو کے بعد راولاکوٹ پہنچا تھا جہاں 6 سو کے قریب امیدواران نے انٹرویو دینا تھا، ابتدائی تحقیقات میں سنسنی خیز انکشافات ہوئے ہیں، ذرائع

امیدواران سے قبل ازیں درخواست فیس کے نام پر 5 سو روپے وصول کیئے جا چکے ہیں، شارٹ لسٹنگ کے بعد نوجوانوں کو ایک جال میں پھنسانے کی تیاریاں ہو رہی تھیں، پولیس ذرائع

راولاکوٹ (عمر خیام ت) راولاکوٹ پولیس نے ایک کاروائی کے دوران ایسے گروہ کو گرفتار کیا ہے جو شہریوں کو نوکری کا جھانسہ دے کر ان سے پیسے بٹورنے میں ملوث تھے، اس نوسرباز گروہ نے قبل ازیں سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر ضرورت سٹاف کے نام سے ایک جعلی اشتہار شائع کیا جس کے مطابق میرپور، راولپنڈی، مظفرآباد اور راولاکوٹ میں 9 دسمبر 2024 کو ان آسامیوں کیلئے اپلائی کرنے والے امیدواران سے تحریری ٹیسٹ لیا گیا، بعد ازاں انہوں نے انٹرویو کے نام پر 2 روز قبل مظفرآباد جبکہ گزشتہ روز راولاکوٹ کے ایک سرکاری ادارے میں امیدواران کا انٹرویو کیا جس کے دوران پولیس نے کاروائی کرتے ہوئے انہیں اپنی حراست میں لیا۔ ابتدائی تحقیقات میں یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ یہ گروہ سادہ لوح نوجوانوں کو نوکریوں کا جھانسہ دے کر 5 (بقیہ 31 صفحہ 03)

راولاکوٹ: شہریوں کو نوکری کا جھانسہ دے کر پیسے بٹورنے والا گروہ پولیس کی حراست میں

یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے چیف سیکرٹری کی زیر صدارت اہم اجلاس

اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹریز، انسپکٹر جنرل پولیس، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو، سیکرٹری سروسز، سیکرٹری اسمبلی کی شرکت

تمام محکمہ جات یوم یکجہتی کشمیر کے حوالہ سے اپنی اپنی ذمہ داریاں پوری کریں، انتظامات کو حتمی شکل دی جائے، چیف سیکرٹری

مظفرآباد (پی آئی ڈی) چیف سیکرٹری آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر خوشحال خان کی زیر صدارت 05 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے لیے اعلیٰ سطح کا اجلاس پیر کے روز چیف سیکرٹری آفس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنرل محترمہ مدحت شہزاد، ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈویلپمنٹ عاطف الرحمن، انسپکٹر جنرل پولیس رانا عبدالجبار، سینئر ممبر بورڈ آف ریونیو ظہیر الدین قریشی، سیکرٹری سروسز اینڈ (بقیہ 30 صفحہ 03)

مریم نواز کی محنت سے بہتری نظر آ رہی ہے، نواز شریف

عوام کی مشکلات میں کمی آ رہی ہے، ارکان اسمبلی سے ملاقات میں گفتگو

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف نے کہا ہے کہ مریم نواز کی محنت سے پنجاب میں بہتری نظر آ رہی ہے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر نو (بقیہ 32 صفحہ 03)

کشمیر بزور شمشیر آزاد ہوگا، امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمن

مزاحمت ہی سرخروئی کا راستہ ہے، مزاحمت ہوگی تو سب کی عزت ہوگی، خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) جماعت اسلامی پاکستان کے امیر حافظ نعیم الرحمن نے کہا ہے کہا تو پیاد تجارت سے کشمیر آزاد نہیں ہوگا، آزاد کشمیر بازور شمشیر آزاد ہوا تھا اور مقبوضہ (بقیہ 33 صفحہ 03)

دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی وخوشحالی کے دشمن ہیں، شہباز شریف

شر پسند عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں صوبے سمیت ملک کی ترقی کے عزم کو کبھی بھی متزلزل نہیں کر سکتیں

وزیراعظم کی کوئٹہ میں جائزہ اجلاس کے دوران گفتگو، امن وامان کی صورتحال اور دیگر اہم صوبائی امور پر بریفنگ دی گئی

کوئٹہ (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ دہشت گرد بلوچستان کے امن، ترقی و خوشحالی کے دشمن ہیں، شر پسند عناصر کی بزدلانہ کارروائیاں صوبے کی ترقی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتیں، سی پیک کی تکمیل پر کام تیزی سے جاری ہے، گوادر بندرگاہ وسطی ایشیا و جنوب مشرقی ایشیا اور باقی دنیا کے درمیان پاکستان کو رابطے کا اہم ذریعہ بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے گی۔ پیر کو وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان (بقیہ 34 صفحہ 03)

وزیراعظم: کشمیری خونی لکیر عبور کر سکتے ہیں

ریاست کا وجود تحریک آزادی کشمیر کے لئے ایک بیس کیمپ کے طور پر قائم ہے، اگر مودی کشمیریوں پر مظالم ڈھانے سے باز نہ آیا تو کشمیری خونی لکیر پار کرنے سے گریز نہیں کریں گے، مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کا کوئی موازنہ نہیں

ریاست کی خدمت کیلئے مراعات نہیں لیتا، اپنا اختیار خالصتاً عوام کی فلاح و بہبود کیلئے استعمال کرتا ہوں، ٹیکسز کا ایک ایک پیسہ صرف عوام پر خرچ ہوگا، روایتی سیاست سے ہٹ کر خدمت کی، نیلم میں تقریب سے خطاب

نیلم (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق نے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان کی جانب سے دیے گئے استقبالیہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست کا وجود تحریک آزادی کشمیر کے لئے ایک بیس کیمپ کے طور پر قائم ہے۔ ہم نے حکمرانی کرنے کیلئے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ حسنہ سے رہنمائی لی ہے۔ اگر مودی کشمیریوں پر مظالم ڈھانے سے باز نہ آیا تو کشمیری خونی لکیر پار کرنے سے گریز نہیں کریں گے۔ مودی کے وزیر دفاع راج ناتھ کو چیلنج کرتا ہوں کہ جس طرح میں نے لائن آف کنٹرول کا دورہ کیا 10 لاکھ فوج کے بغیر نریندر مودی یا اس کا کوئی وزیر مقبوضہ کشمیر کا دورہ کر کے دکھائے، مقبوضہ کشمیر اور آزاد کشمیر کا کوئی موازنہ نہیں، کشمیر و ترقی آزادی کا نعم البدل نہیں ہو سکتی آزاد کشمیر میں جو شہری آزادی میسر ہے وہ مقبوضہ کشمیر میں نہیں ہے، مقبوضہ کشمیر میں (بقیہ 35 صفحہ 03)

نیلم: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق کا آٹھمقام پہنچنے پر استقبال کیا جا رہا ہے

نیلم: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق اور وزراء حکومت استقبالیہ جلسے سے خطاب کر رہے ہیں

یوم یکجہتی کشمیر تیاریاں مکمل، عام تعطیل کا اعلان، شہباز شریف کی آمد متوقع

راولاکوٹ میں بھی اس دن کی مناسبت سے کانفرنس کا اہتمام، فلسطینی سفیر اور حماس کے رہنما بھی شریک ہوں گے

یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا اور مقبوضہ کشمیر کے اندر جاری مظالم کی طرف توجہ دلانا ہے

اسلام آباد (کے پی آئی) جموں و کشمیر کے مظلوم عوام کی غیر متزلزل حمایت کے اظہار کیلئے یوم یکجہتی کشمیر بدھ کو منایا جائے گا یہ دن منانے کی اپیل حکومت پاکستان نے کی ہے۔ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر ملک میں سرکاری تعطیل ہوگی اور تمام سرکاری، نیم سرکاری، نجی ادارے اور بازار بند رہیں گے۔ یوم یکجہتی کشمیر منانے کا مقصد آزادی کی جدوجہد میں جہاں کشمیری عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرنا ہے تو وہاں دوسری طرف عالمی برادری کی توجہ (بقیہ 52 صفحہ 03)

5 فروری یوم یکجہتی کشمیر جوش وجذبہ کیساتھ منائیں گے، سردار محمد یعقوب

یہ دن تاریخی اہمیت کا حامل دن ہے، اس دن کو پاکستان قوم و کشمیری قوم یکجہتی کا بھرپور مظاہرہ کریں گے، ریلیاں منعقد ہوں گی

پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنان 5 فروری کو اپنے گھروں سے نکلیں اور بھرپور طریقہ سے اس تاریخی دن کو یکجہتی کا اظہار کریں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) سابق صدر و وزیر اعظم آزاد جموں کشمیر، پارلیمانی لیڈر پاکستان پیپلز پارٹی، ممبر قانون ساز اسمبلی سردار محمد یعقوب خان نے کہا ہے کہ کشمیری 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر جوش و جذبہ کیساتھ منائیں گے، یہ دن تاریخی اہمیت کا حامل دن ہے، اس دن کو پاکستان قوم و کشمیری (بقیہ 36 صفحہ 03)

وزیراعظم کا جاگراں ہائیڈل پاور پراجیکٹ کے تعمیراتی کام کا معائنہ

منصوبے کی بروقت تکمیل سے آزاد کشمیر کی خوشحالی وابستہ ہے، بات چیت

نیلم (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق نے پیر کے روز جاگراں ہائیڈل پاور پراجیکٹ کا دورہ کیا۔ فیز-II کے جاری تعمیراتی کام کا جائزہ لیا اور پاور ہاؤس میں مشینری انسٹالیشن کا موقع پر تفصیلی معائنہ کیا۔ اس موقع پر وزراء حکومت میاں عبدالوحید ایڈووکیٹ، فیصل (بقیہ 51 صفحہ 03)

پی ٹی آئی انٹرا پارٹی انتخابات

کیس 11 فروری کو سماعت کیلئے مقرر

اسلام آباد (صباح نیوز) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے پاکستان تحریک انصاف کے انٹرا پارٹی انتخابات کیس کی سماعت 11 (بقیہ 53 صفحہ 03)

لندن، پانچ فروری کو برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کانفرنس کا اہتمام

کانفرنس میں برطانوی ممبران پارلیمنٹ اور کشمیری رہنما شرکت کریں گے

لندن (کے پی آئی) برطانیہ میں کل جماعتی کشمیر رابطہ کمیٹی کے زیر اہتمام پانچ فروری کو برطانوی پارلیمنٹ میں کشمیر کانفرنس کا اہتمام کیا گیا ہے، کانفرنس میں برطانوی ممبران پارلیمنٹ (بقیہ 54 صفحہ 03)

2 سال ایم ایل ایز کی حکومت جیسے ناکام تجربے پر ضائع کیے گئے، شاہ غلام قادر

آزاد کشمیر کی موجودہ حکومت کا بوجھ مسلم لیگی کارکنان نہیں اٹھا سکتے، کارکنان آنے والے حالات کی تیاری کریں

حکومت نے بلدیاتی نمائندوں کو بااختیار بنانے کیلئے کوئی قدم نہ اٹھایا تو مسلم لیگ (ن) خود اسمبلی میں بل لے کر آئے گی

سدھنوتی/منگ (دھرتی نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کے پہلے دو سال پی ٹی آئی کی حکومت نے ضائع کر دیئے اور گزشتہ دو سال آزاد کشمیر کی سیاسی جماعتوں کو غیر متعلق کر کے ایم ایل ایز کی حکومت جیسے ناکام تجربہ (بقیہ 55 صفحہ 03)

جامعہ کشمیر میں پائیدار ترقی کے موضوع پر قومی کانفرنس منگل کو ہوگی

کانفرنس کنگ عبداللہ کیمپس چھتر کلاس کے آڈیٹوریم میں ہوگی ڈاکٹر کلیم عباسی

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد جموں و کشمیر یونیورسٹی مظفرآباد میں حکومت آزاد کشمیر اور چیلنگ فنڈ فار ریلیف اینڈ ڈویلپمنٹ کے اشتراک سے ایک اہم قومی کانفرنس آج (منگل) منعقد ہوگی۔ جامعہ کشمیر کے شعبہ تعلقات عامہ (بقیہ 49 صفحہ 03)

آزاد کشمیر میں خواندگی کی شرح کو سو فیصد کرنے کا ہدف مقرر

مظفرآباد (صباح نیوز) آزاد کشمیر کے ناظم اعلیٰ تعلیمات سکولز لیاقت علی عباسی (بقیہ 50 صفحہ 03)

سلطان محمود چوہدری سے سابق مشیر حکومت سردار تبارک کی ملاقات

اسلام آباد (صباح نیوز) صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری سے سابق مشیر حکومت سردار تبارک کی ایوان صدر کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں تفصیلی ملاقات۔ اس موقع پر صدر آزاد جموں وکشمیر بیرسٹر سلطان محمود چوہدری نے کہا کہ (بقیہ 37 صفحہ 03)

منشیات سمگلنگ روکنے کیلئے ایئرپورٹس پر چیکنگ سخت کرنے کا حکم

منشیات کے بڑے ڈیلرز کو ہر صورت قانون کی گرفت میں لایا جائے، محسن نقوی

لاہور (صباح نیوز) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے منشیات سمگلنگ کی روک تھام کیلئے ایئرپورٹس پر چیکنگ مزید سخت کرنے کی ہدایت کر دی۔ وزیر داخلہ نارکوٹکس کنٹرول محسن نقوی (بقیہ 38 صفحہ 03)

پلندری: پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے صدر شاہ غلام قادر، ڈاکٹر نجیب نقی، سردار طاہر انور و دیگر استقبالیہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

کشمیر اور حق خودارادیت پر کوئی کمپرومائز نہیں کریں گے، سردار عتیق

مقبوضہ کشمیر میں بہنے والا خون ناحق نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ عالمی امن کے لیے خطرہ ہے

اسلام آباد (صباح نیوز) آل جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر و سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان نے کہا کہ جماعت اسلامی نے آل پارٹیز کانفرنس کا انعقاد کر کے احسن اقدام کیا ہے مسئلہ کشمیر کو عالمی سطح پر اجاگر کرنے اور کشمیریوں کو حوصلے کا پیغام دینے کے لیے کچھ عملی اقدامات کرنے (بقیہ 39 صفحہ 03)

کرم میں امن معاہدے پر عمل

درآمد کے لیے کمیٹیاں تشکیل

کرم (صباح نیوز) ضلع کرم میں امن معاہدے پر عمل درآمد کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئیں۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ 40 صفحہ 03)

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس بدھ کو ہوگا

خصوصی اجلاس کے حوالے سے سیکرٹری اسمبلی کی زیر صدارت اہم اجلاس

مظفرآباد (صباح نیوز) یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کا خصوصی اجلاس ہوگا۔ خصوصی اجلاس کے حوالے سے سیکرٹری قانون ساز اسمبلی آزاد جموں و کشمیر چوہدری بشارت حسین کی زیر صدارت اجلاس ہوا۔ اجلاس میں امجد لطیف عباسی سپیشل سیکرٹری، راجہ ضیاء الحق ایڈیشنل (بقیہ 48 صفحہ 03)

اسلام آباد: صدر آزاد کشمیر سلطان محمود چوہدری سے سابق مشیر حکومت سردار تبارک ملاقات کر رہے ہیں

انڈر 20 نیشنل والی بال چیمپئن شپ کے ٹرائل 06 فروری کو ہوں گے

پونچھ کے انڈر 20 بچوں کے ٹرائل دن 11 سے تین بجے تک نرسری گراؤنڈ چک بازار، راولاکوٹ میں ہوں گے

پہلے مرحلے میں کھلاڑیوں کو شارٹ لسٹ کیا جائے گا، دوسرے مرحلے کے حتمی ٹرائلز کے لیے سہنسہ بھیجا جائے گا، اعلامیہ

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) آزاد کشمیر کی انڈر 20 والی بال ٹیم کے لیے ٹرائلز، سلیکشن کمیٹی اور حتمی ٹرائلز کا اعلان کیا گیا ہے۔ ضلع پونچھ والی بال ایسوسی ایشن کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق آل نیشنل یوتھ انڈر 20 والی بال چیمپئن شپ جو لاہور میں 15 سے 19 فروری 2025 تک منعقد ہوگی ضلع پونچھ کی نمائندگی کے لئے کھلاڑیوں کا انتخاب ضلع پونچھ والی بال ایسوسی ایشن کے زیر انتظام کیا جائے گا۔ ان کھلاڑیوں کے ٹرائل 6 فروری دن 11 سے (بقیہ 41 صفحہ 03)

وزیراعظم کی جانب سے نیلم کیلئے مثالی ہیلتھ پیکج پر شکریہ ادا کرتا ہوں

محرومیوں کے ازالے کیلئے وزیراعظم کے مشکور ہیں، میاں عبدالوحید ایڈووکیٹ

نیلم (پی آئی ڈی) وزیر قانون، انصاف و پارلیمانی امور میاں عبدالوحید ایڈووکیٹ نے پاکستان پیپلز پارٹی کارکنان کی جانب سے وزیراعظم آزاد کشمیر کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم آزاد کشمیر کی جانب سے نیلم کیلئے مثالی ہیلتھ پیکج پر اہلیان (بقیہ 47 صفحہ 03)

مقبوضہ کشمیر کے 7 نوجوانوں کے خلاف بھارت سے بغاوت کا الزام

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ کشمیر کے 7 نوجوانوں کے خلاف بھارت سے بغاوت اور عسکریت پسندی کے الزام میں سری نگر کی ایک عدالت میں چارج شیٹ دائر کر دی گئی ہے۔ مقبوضہ کشمیر پولیس نے غیر قانونی سرگرمیوں کی روک (بقیہ 43 صفحہ 03)

ویمن یونیورسٹی باغ میں ویمن امپاورمنٹ پروگرام کا آغاز

5 میٹورز اور 25 خواتین ملازمین کو بحیثیت منٹیز نامزد کر دیا گیا

باغ (دھرتی نیوز) ویمن یونیورسٹی باغ میں ویمن امپاورمنٹ اینڈ میٹورنگ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ ویمن یونیورسٹی آف آزاد جموں وکشمیر باغ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن (HEC) اسلام آباد اور نیشنل اکیڈمی آف ہائر ایجوکیشن کے تحت ویمن امپاورمنٹ اینڈ میٹورنگ پروگرام کے لیے 5 میٹورز اور 25 خواتین ملازمین کو بحیثیت منٹیز نامزد کر دیا گیا ہے۔ چونکہ ویمن یونیورسٹی باغ ایک نوزائیدہ (بقیہ 42 صفحہ 03)

کشمیر یوتھ الائنس چار فروری کو بائیک ریلیاں نکالی جائیں گی

تنظیمی رہنماؤں ڈاکٹر مجاہد گیلانی، حارث ڈار و دیگر کی این پی سی میں پریس کانفرنس

اسلام آباد (صباح نیوز) کشمیر یوتھ الائنس اور مسلم یوتھ لیگ کے رہنماؤں نے نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے نوجوان (بقیہ 46 صفحہ 03)

چکوٹھی ایل او سی پر بارہ سالہ بچہ جنگل کی آگ میں جھلس کر جاں بحق

بارہ سالہ چوہدری فرمان اور پندرہ سالہ چوہدری لقمان پسران چوہدری عبدالعزیز پاؤں پھسل کر آگ میں گر کر زخمی ہو گئے

پندرہ سالہ چوہدری لقمان کو طبی امداد دینے کے بعد گھر روانہ کر دیا گیا، دوسرے بچے کو کھاریاں منتقل کیا گیا لیکن جانبر نہ ہو سکا

چناری (صباح نیوز) لائن آف کنٹرول چکوٹھی سیکٹر سے ملحقہ گاؤں دھارے کے جنگل میں لگی آگ میں جھلس کر ایک بارہ سالہ بچہ جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہو گیا۔ بارہ سالہ چوہدری فرمان اور پندرہ سالہ چوہدری لقمان پسران چوہدری عبدالعزیز پاؤں پھسل کر آگ میں گر کر زخمی ہو گئے جنہیں فوری طور پر آر ایچ سی چکوٹھی سے سی ایم ایچ مظفرآباد ریفر کیا گیا، جہاں پر پندرہ سالہ چوہدری لقمان کو طبی امداد دینے کے بعد گھر روانہ کر دیا گیا جبکہ اس کے چھوٹے (بقیہ 44 صفحہ 03)

کرسی قلم الائنس کا اجلاس، الیکشن کے حوالہ سے تیاریاں

طاہر شاہ کو بھاری اکثریت سے کامیاب کرنے کیلئے بھرپور عزم کا اظہار

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) کرسی قلم الائنس کا اجلاس مرکزی مہم کے انچارج سردار عبدالقیوم خان کرسی پینل کی سرپرست اعلیٰ مجید سردار کی قیادت میں ہوا۔ جس میں زاہد رؤف (بقیہ 45 صفحہ 03)

مبارک باد

رہاڑہ بیف اینڈ مٹن شاپ راولاکوٹ کے مینجنگ ڈائریکٹر

سردار ساجد مقبول خان کو

انجمن تاجران پونچھ ڈویژن کا

نائب صدر

منتخب ہونے پر عمیق قلب سے مبارک باد پیش کرتے ہیں

اور اُمید ہے کہ وہ اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے تاجران کو درپیش مسائل کے حل اور ان کی مشکلات کے ازالہ کے لئے اپنا جاندار کردار ادا کریں گے

منجانب

عوام علاقہ رہاڑہ واہلیان راولاکوٹ

روزنامہ دھرتی راولاکوٹ

شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

پلاٹ برائے فروخت

5 مرلہ 7.5 مرلہ اور 10 مرلہ کے

پلاٹ فوری برائے فروخت

چنار گیسٹ ہاؤس کے پاس

بہترین لوکیشن پر

قیمت انتہائی مناسب

اوورسیز کے لیے خصوصی رعایت

برائے رابطہ:۔ 0312-9659117 / 0349-5412694

جامعہ پونچھ کے وفد کا لاہور گیریژن یونیورسٹی کا دورہ، دوطرفہ تعاون پر اتفاق

وائس چانسلر نے جامعہ پونچھ کے وفد کی قیادت کی، وی سی گیریژن یونیورسٹی کی وفد کو تحقیقی اور تدریسی امور پر بریفنگ

تعارفی دورہ باہمی تعاون کو مربوط کرنے، اہداف کی نشاندہی، اور مواقعوں کی شناخت کیلئے انتہائی اہم، ڈاکٹر ذکریا ذاکر

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ اور لاہور گیریژن یونیورسٹی کے درمیان تعلیمی اور تحقیقی شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) کی قیادت میں جامعہ پونچھ کے فیکلٹی ممبران نے لاہور گیریژن یونیورسٹی کا دورہ کیا۔ وائس چانسلر لاہور گیریژن یونیورسٹی میجر جنرل محمد عقیل ذار نے وفد کا استقبال کیا اور ادارہ "ایل جی یو" کے انتظامی، تحقیقی اور تدریسی امور سے (بقیہ 20 صفحہ نمبر 03 پر)

شہباز شریف اور حمزہ شہباز کی درخواستوں پر فیصلہ محفوظ

شوگر ملز ریفرنس میں بریت کی درخواستوں پر 6 فروری کو فیصلہ سنایا جائیگا

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم شہباز شریف اوران کے بیٹے حمزہ شہباز کی رمضان شوگر ملز ریفرنس سے بریت کی درخواستوں پر وکلا کے دلائل مکمل ہونے پر فیصلہ محفوظ کرلیا گیا، اینٹی کرپشن کورٹ کے جج نے کہا کہ بریت کی درخواستوں پر 6 فروری کو فیصلہ سنایا جائے گا۔ لاہور میں (بقیہ 01 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان کیخلاف منظم سازش ہورہی، چوکنا رہنا ہوگا، سرفراز بگٹی

کوئی بات کرنا نہیں چاہتا تو تشدد کی اجازت نہیں دے سکتے، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (صباح نیوز) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ پاکستان کیخلاف منظم سازش ہورہی ہے، ہمیں چوکنا رہنا ہوگا۔ کوئٹہ میں وزیراعظم شہباز شریف کی زیر صدارت امن و امان کے حوالے سے خصوصی اجلاس ہوا جس میں صوبے میں امن وامان کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا گیا جبکہ حالیہ دہشتگردی کے واقعہ پر تشویش کا اظہار کیا گیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (بقیہ 02 صفحہ نمبر 03 پر)

کشمیریوں کے ساتھ بھرپور یکجہتی کریں گے، سردار امتیاز

انٹری پوائنٹس پر ہاتھوں کی زنجیر اور جلسے، ریلیوں کا انعقاد کیا جائے گا

اسلام آباد (دھرتی نیوز) سابق معاون خصوصی وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار امتیاز خان نے 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے اپنے ایک خصوصی پیغام میں کہا ہے کہ اہلیان پاکستان ہر سال کی طرح اس سال بھی کراچی سے خیبر اور اہلیان آزاد کشمیر بھمبر سے تاؤبٹ (بقیہ 03 صفحہ نمبر 03 پر)

مقبوضہ وادی میں بجلی کی بار بار لوڈشیڈنگ سے شہری پریشان

درمیانی درجے کی برفباری کے نتیجے میں بجلی کا نظام مزید درہم برہم ہوگیا

سری نگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں وکشمیر میں بجلی کی سخت بندش کے باعث لوگ سخت پریشان ہیں اور انہیں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مقبوضہ وادی کشمیر میں بجلی کی بار بار لوڈشیڈنگ سے لوگوں کی زندگی سخت اجیرن بن چکی ہے۔ گزشتہ روز سرینگر اور دیگر علاقوں میں ہونے والی درمیانی (بقیہ 19 صفحہ نمبر 03 پر)

اسلام آباد ہائیکورٹ ٹرانسفر ہونے والے ججز نے ذمہ داریاں سنبھال لیں

اسلام آباد (صباح نیوز) اسلام آباد ہائیکورٹ میں ٹرانسفر ہونے والے تینوں ججز نے ذمہ داریاں سنبھال لیں۔ نئے تعینات ججز کی عدالتوں میں لا افسران پیش ہوئے، (بقیہ 04 صفحہ نمبر 03 پر)

اسلام آباد: سابق وزیراعظم پاکستان یوسف رضا گیلانی چیئرمین پی وائی او برطانیہ سید شہزاد وحید سے ملاقات کررہے ہیں

ساہیوال، باراتیوں کی گاڑی کو حادثہ، دلہا اور دلہن جاں بحق، 9 زخمی

ساہیوال (صباح نیوز) ساہیوال میں باراتیوں کی گاڑی کو ٹریفک حادثہ پیش آیا جس میں دلہا اور دلہن جاں بحق ہوگئے۔ پولیس کے مطابق ساہیوال میں قومی شاہراہ پر ٹریفک حادثہ پیش (بقیہ 05 صفحہ نمبر 03 پر)

مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ خائف ہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کے ساتھ مقابلے کا شوق ہے وہ ان جیسی کارکردگی بھی دکھائیں

لاہور (صباح نیوز) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مریم نواز گڈ گورننس کی وجہ سے باقی صوبوں میں مقبول ہورہی ہیں، مریم نواز کی بڑھتی مقبولیت سے کچھ لوگ (بقیہ 18 صفحہ نمبر 03 پر)

مراکش کشتی حادثے میں بچ جانیوالا نوجوان گھر پہنچ گیا

کوئی نوجوان غیر قانونی طریقہ اختیار کرنے کی کوشش نہ کرے، نوجوان

گوجرانوالہ (صباح نیوز) مراکش کشتی حادثے میں بچ جانے والا گوجرانوالہ کا رہائشی نوجوان عامر علی گھر پہنچ گیا۔ عامر علی نے بتایا کہ وہ 6 ماہ قبل گھر سے سپین جانے کے لیے روانہ (بقیہ 17 صفحہ نمبر 03 پر)

عبداللہ گڈ فوڈ ریسٹورنٹ اینڈ سیون سکائی ہوٹل

کا شاندار افتتاح

آج مورخہ 4 فروری 2025ء بروز منگل بوقت: 12:30 بجے دن

GRAND OPENING

جائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی کے مرکزی رہنما

سردار عمر نذیر کشمیری

اپنے دست مبارک سے کریں گے

تمام احباب کو شرکت کی پرخلوص دعوت دی جاتی ہے

عبداللہ گڈ فوڈ ریسٹورنٹ

اینڈ

سیون سکائی ہوٹل

ایاز مارکیٹ راولاکوٹ آزاد کشمیر

0333-7882559

سردار محمد سہراب اکرم (بلڈنگ مالک)

سردار محمد خورشید خان (مینجنگ ڈائریکٹر)

وزیر ہائیر ایجوکیشن آزاد کشمیر 15 روزہ دورہ پر امریکہ پہنچ گئے

ایئرپورٹ پر فقید المثال استقبال، دورہ کے دوران اہم ملاقاتیں بھی متوقع

تتہ پانی/امریکہ (نمائندہ دھرتی) وزیر ہائیر ایجوکیشن آزاد حکومت (بقیہ 22 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارتی حکومت نے مقبوضہ کشمیر کا مالیاتی مدد کا بجٹ کم کردیا

گزشتہ سال 42 ہزار کروڑ جبکہ اس سال 41 ہزار کروڑ روپے ملیں گے

سری نگر (کے پی آئی) بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کا مالیاتی مدد کا بجٹ کم کردیا ہے۔ بھارتی بجٹ 2025-26 میں جموں وکشمیر کے لیے 41,000 کروڑ (بقیہ 23 صفحہ نمبر 03 پر)

تتہ پانی میں سول سوسائٹی وانجمن کے زیراہتمام یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منانے کا فیصلہ

تتہ پانی (نمائندہ دھرتی) پانچ فروری کو تتہ پانی میں یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منایا جائے گا اس سلسلہ میں تیاریاں جاری ہیں، پروگرام کے مطابق سول سوسائٹی وانجمن تاجران تتہ پانی کے زیراہتمام مقبوضہ کشمیر پر ہندوستانی فوج (بقیہ 21 صفحہ نمبر 03 پر)

کشمیر متنازعہ علاقہ، استصواب رائے کا مطالبہ جمہوری ہے، حریت کانفرنس

مسئلہ کشمیر تین ایٹمی طاقتوں پاکستان، بھارت اور چین سے براہ راست جڑا ہوا ہے جو فوری طور پر حل طلب ہے

کشمیری قربانیاں دے رہے ہیں اور وہ بھارتی تسلط یا بھارتی آئین کے اندر رہتے ہوئے کبھی سمجھوتہ نہیں کریں گے

سری نگر (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس نے کہا ہے کہ کشمیریوں کی حزاحمتی تحریک اور استصواب رائے کا مطالبہ جائز اور خالصتاً جمہوری ہے جبکہ بھارت کا اٹوٹ انگ کا مؤقف قطعی طور پر بے بنیاد ہے کیونکہ اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان ایڈووکیٹ عبدالرشید منہاس نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ تنازعہ کشمیر بین الاقوامی سطح پر ایک اہم مسئلہ ہے (بقیہ 06 صفحہ نمبر 03 پر)

مسلم کانفرنس ضلع پونچھ کا یوم یکجہتی کشمیر بھرپور انداز میں منانے کا عزم

ساری قوم مظلوم محکوم بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اوران کی آزادی کیلئے ان کے ساتھ کھڑی ہے

راولاکوٹ میں پانچ فروری کے دن بھرپور یکجہتی کا پروگرام منعقد کیا جائے گا، سید اظہر علی شاہ ودیگر مقررین کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) مسلم کانفرنس یوم یکجہتی کشمیر کے پروگرام میں بھرپور شرکت کرے گی۔ اس دن ساری قوم مقبوضہ کشمیر کے مظلوم محکوم بھائیوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتی ہے اوران کی جائز تحریک آزادی کیلئے قربانیوں کے ساتھ کھڑی ہے اقوام متحدہ اپنی قراردادوں پر عمل کرتے ہوئے کشمیریوں کا حق خودارادیت دے۔ اس موقع پر راولاکوٹ میں پانچ فروری کے دن بھرپور یکجہتی کا پروگرام منعقد کیا جائے گا۔ اجلاس میں حلقہ (بقیہ 24 صفحہ نمبر 03 پر)

تتہ پانی: معروف روحانی پیشوا، بانی جموں وکشمیر تحریک لبیک غلام مصطفیٰ، پیر سرور حسین شاہ کے سالانہ عرس مبارک کی تقریب سے سردار عبدالقیوم نیازی، پیر سید عارف حسین شاہ ودیگر خطاب کررہے ہیں

حلقہ کوٹلہ: وزیر حکومت واٹلا لائف دفتر یزائیڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی سردار جاوید ایوب، نذیر انقلابی ودیگر حلقہ کوٹلہ یونین کونسل ہیرکلی میں منعقدہ پروگرام سے خطاب کررہے ہیں

باغ کمیونٹی ہال کی حوالگی، قبرستان کی اراضی کے مسائل حل کرنے کا مطالبہ

ہال کے بارے میں جو بھی فیصلے ہوئے ہیں میئر انہیں پورا کرنے میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کریں گے

کہنہ موہری کے مقام پر جو چھ کنال اراضی منظور ہوئی ہے اسے باغ کے شہریوں کے حوالے کیا جائے، اجلاس

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) میونسپل کارپوریشن باغ کمیونٹی ہال کو فوری طور پر باغ کے شہریوں کے حوالے کیا جائے، باغ کے شہریوں کا دیرینہ مطالبہ قبرستان ہو کہنہ موہری کے مقام پر چھ کنال اراضی مختص کی گئی ہے اس کو شہریوں کو دی جائے تاکہ بڑا بازاری قبرستان کی جگہ ختم ہونے کی صورت میں لوگ اپنے مردوں کو کہنہ موہری قبرستان میں دفنا سکیں، انہوں نے کہا کہ کمیونٹی ہال کے بارے میں جو بھی فیصلے ہوئے ہیں میئر میجر قیوم بیگ انہیں پورا کرنے میں کوئی (بقیہ 07 صفحہ نمبر 03 پر)

کوٹلی: انوکی سرہوٹ، چیئرمین یونین کونسل مشتاق نواز کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

تتہ پانی، پیر سید سرور حسین شاہ کا دوروزہ عرس اختتام پذیر

اولیاء کرام کی خدمات مشعل راہ، ہدایت کا راستہ ہیں، عبدالقیوم نیازی

تتہ پانی (نمائندہ دھرتی) آزاد کشمیر کے معروف روحانی پیشوا، بانی جموں وکشمیر تحریک نظام مصطفیٰ حضرت قبلہ جناب پیر سید سرور حسین شاہ گیلانیؒ دربار عالیہ پتنگ شریف کا سالانہ عرس مبارک اختتام پذیر ہوگیا، دوروزہ عرس مبارک کی تقریبات میں سیاسی سماجی شخصیات، مشائخ (بقیہ 16 صفحہ نمبر 03 پر)

راولاکوٹ: کراچی میں ہونے والی آئی ٹی کانفرنس میں بیسٹ ٹیلنٹ کمانڈر گلگتی چیئرنٹی جہانگیر کو ایوارڈ دیا جارہا ہے

ڈسٹرکٹ بار ہٹیاں بالا کے انتخابات، تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب

شجاعت گیلانی ایڈووکیٹ صدر، شاہد شیخ ایڈووکیٹ جنرل سیکرٹری سمیت دیگر 1 سال کیلئے فرائض انجام دینگے

کسی بھی عہدہ کے لیے دوسرے امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے، کامیابی کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری

چناری (خصوصی رپورٹر) جہلم ویلی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن ہٹیاں بالا کے انتخابات سال 2025-26 صدر سید شجاعت گیلانی ایڈووکیٹ، جنرل سیکرٹری شاہد شیخ ایڈووکیٹ سمیت تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب، کسی بھی عہدہ کے لیے دوسرے امیدوار نے کاغذات نامزدگی جمع نہیں کروائے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن جہلم ویلی کے انتخابات کے سلسلے میں چیئرمین الیکشن بورڈ محمد حنیف اعوان ایڈووکیٹ، ممبران (بقیہ 25 صفحہ نمبر 03 پر)

گلہر سیداں: دربار عالیہ جوآ خالصہ حضرت قبلہ بابا الشیخ ولایت حسین کے مزار پر سجادہ نشین حضرت محمد صفوان ایڈووکیٹ ودیگر چادر چڑھانے کے بعد دعا کررہے ہیں

تحریک آزادی کے بیس کیمپ کو بحال کیا جائے، طاہر کھوکھر

دنیا اور بھارت کے سامنے آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بات کی جائے

مظفرآباد (صباح نیوز) سابق وزیر سیاحت و ٹرانسپورٹ محمد طاہر کھوکھر نے مقبوضہ کشمیر کی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیری عوام 77 سال سے غلامی کی زندگی گزار رہے ہیں اور نہ انہیں معاشرتی آزادی حاصل ہے اور نہ ہی مذہبی انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام دہاڑے (بقیہ 08 صفحہ نمبر 03 پر)

بھارتی حکومت کی کشمیر پولیس کی براہ راست فنڈنگ

کشمیر پولیس کو حریت پسندوں کے خلاف آپریشن میں استعمال کی تیاری

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارتی حکومت نے مقبوضہ جموں وکشمیر کے معاملات طویل عرصے تک اپنے کنٹرول میں رکھنے کے لیے جموں کشمیر پولیس کی براہ راست فنڈنگ شروع کردی ہے۔ اس مقصد کے لیے بھارتی بجٹ 2025-26 میں جموں وکشمیر پولیس 9325 (بقیہ 11 صفحہ نمبر 03 پر)

میرواعظ کا نئی دہلی میں جامع مسجد، فتح پوری مسجد کا دورہ

شاہی امام سید احمد بخاری اور مفتی مکرم احمد سے ملاقات، مختلف امور پر گفتگو

نئی دہلی (کے پی آئی) کل جماعتی حریت کانفرنس کے چیئرمین میرواعظ عمر فاروق نے بھارتی دارالحکومت میں جامع مسجد دہلی اور فتح پوری مسجد کا دورہ کیا جہاں انہوں نے شاہی امام سید احمد بخاری اور فتح پوری مسجد کے امام وخطیب مفتی مکرم احمد سے ملاقاتیں کیں۔ ملاقاتوں کے (بقیہ 12 صفحہ نمبر 03 پر)

راولاکوٹ میں کاروباری مرکز کے افتتاحی پروگرام کا شیڈول

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) عبداللہ گڈ فوڈ ریسٹورنٹ سیون سکائی ہوٹل کا افتتاح ایکشن کمیٹی کے مرکزی رہنما سردار عمر نذیر کشمیری (بقیہ 09 صفحہ نمبر 03 پر)

لاہور ہائی کورٹ میں ججز کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب

لاہور (صباح نیوز) لاہور ہائی کورٹ کے جسٹس سردار محمد سرفراز ڈوگر کے اسلام آباد ہائی کورٹ میں ٹرانسفر کے بعد لاہور ہائی (بقیہ 10 صفحہ نمبر 03 پر)

فلسطینیوں کو نکالے بغیر غزہ کی تعمیر نو کا وژن موجود ہے، مصر

قاہرہ (صباح نیوز) مصر نے کہا ہے کہ فلسطینیوں کو نکالے بغیر غزہ کی تعمیر نو کیلئے ایک واضح وژن رکھتے ہیں۔ یہ بات مصری وزیر برائے خارجہ امور وامیگریشن بدر عبدالعاطی نے گزشتہ (بقیہ 13 صفحہ نمبر 03 پر)

تتہ پانی، ملک محمد اکرم کی میت آبائی قبرستان میں سپرد خاک

نماز جنازہ میں سینکڑوں زعماء کی شرکت، بخشش، مغفرت کیلئے بھی دعائیں

تتہ پانی (نمائندہ دھرتی) راج محل کوٹلی سے سیاسی سماجی شخصیت، سینئر قانون دان ریٹائرڈ سیکرٹری محتسب ملک محمد اکرم خان ایڈووکیٹ کو احاطہ دربار عالیہ پتنگ شریف میں آبائی (بقیہ 15 صفحہ نمبر 03 پر)

نیلم: وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوار الحق پی ڈبلیو ڈی گیسٹ ہاؤس کا پودا لگانے کے بعد دعا کررہے ہیں

موجودہ حکومت نے ملک کو بری طرح کھوکھلا کردیا، عمر ایوب

شہباز شریف کو اسمبلی میں تقریر کرنے کی ہمت نہیں، مینڈیٹ پر بات کرینگے

راولپنڈی (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور قومی اسمبلی میں اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ موجودہ حکومت نے ملک کو کھوکھلا کردیا ہے۔ حکومت ہوش کے ناخن لے، ملک کس طرف جارہا ہے، حکومت نے ملک کو کھوکھلا کردیا ہے۔ انسداد دہشت گردی کی عدالت کے (بقیہ 14 صفحہ نمبر 03 پر)

لاہور، موٹر سائیکل سواروں کی فائرنگ سے وکیل قتل

لاہور (صباح نیوز) لاہور کے علاقے چوہنگ میں وکیل کو گھر کے باہر قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق وکیل نوید جمیل کی گاڑی (بقیہ 26 صفحہ نمبر 03 پر)

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج

لاہور (صباح نیوز) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں حالیہ اضافے کا اقدام لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ شہری منیر احمد نے اظہر صدیق ایڈووکیٹ کے ذریعے متفرق (بقیہ 28 صفحہ نمبر 03 پر)

سعودی عرب کا طبی سامان پر مشتمل امدادی قافلہ غزہ پہنچ گیا

غزہ (صباح نیوز) سعودی عرب کے شاہ سلمان مرکز برائے امداد وانسانی خدمات کی جانب سے طبی سامان پر مشتمل امدادی قافلہ غزہ کی پٹی کے جنوب میں واقع ہسپتالوں اور صحت (بقیہ 29 صفحہ نمبر 03 پر)

پاکستان ہی کشمیریوں کی منزل ہے، اسسٹنٹ کمشنر باغ

05 فروری کو پوری پاکستانی قوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرے گی

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر باغ سہیل بشیر نے کہا ہے کہ پاکستان کشمیریوں کی منزل ہے، کشمیری تکمیل پاکستان کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ 05 فروری کو پوری پاکستانی قوم کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کرے گی دنیا کو پیغام دیا جائے گا کہ تحریک آزادی میں پاکستانی قوم کشمیریوں کیساتھ کھڑی ہے، باغ میں دن 10 بجے سائرن بجائے جائیں گے اور مین پل پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر (بقیہ 27 صفحہ نمبر 03 پر)

ضرورت سٹاف

گرین ڈریم ویسٹ مینجمنٹ پروجیکٹ کو ویسٹ کولیکشن اور مینجمنٹ کی آسامی کیلئے 1 عدد ایسے فرض شناس اور محنتی فرد کی ضرورت ہے جو کہ لوڈر رکشہ چلانے کی مہارت کا حامل ہو اور متحرک انداز میں پروجیکٹ کے مختلف امور سرانجام دینے کی صلاحیت رکھتا ہو۔

ہفتہ میں 6 دن اور روزانہ کی بنیاد پر 8 گھنٹے کام جبکہ 1 چھٹی ہوگی۔

موزوں امیدوار کو پرکشش تنخواہ و دیگر سہولیات مہیا کی جائیں گی۔

خواہشمند حضرات درخواست فارم 5 فروری 2025 سے قبل گرین ڈریم ورکنگ کمیٹی تک پہنچائیں۔

تتہ پانی: راج محل کوٹلی سے سیاسی سماجی شخصیت، سینئر قانون دان ریٹائرڈ سیکرٹری محتسب ملک محمد اکرم خان ایڈووکیٹ کی نماز جنازہ ادا کی جارہی ہے۔ دوسری جانب مرحوم کا آخری دیدار

For DAILY KASHMIR DHARTI NEWS UPDATE

کشمیر دھرتی HD NEWS

FOLLOW US ON

YouTube Kashmir Dharti Digital

Dailydharti/facebook

Dailydharti/group

Dailydharti/twitter

Dailydharti/Instagram

Dailydharti/zoom

چیف ایڈیٹر وپبلیشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com

روزنامہ
کشمیر دھرتی
www.dailydhartiajk.com dailydharti@gmail.com
Ph: 05824-445864 Fax: 05824-445865
چیف ایڈیٹر: عابد صدیق ✱ ایڈیٹر: عمر خیام

مختلف مسائل کے انبار ہنگامی اقدامادت کے منتظر

آزاد جموں و کشمیر کے وزیراعظم چوہدری انوارالحق نے کہا ہے کہ 5 فروری یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر سیاسی جماعتیں اور آل پارٹیز حریت کانفرنس اپنے اپنے سیاسی افکار سے بالاتر ہوکر مقبوضہ جموں و کشمیر کے عوام سے بھرپور یکجہتی کا مظاہرہ کریں گی۔ شہدا تحریک آزادی کشمیر کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں تحریک آزادی کشمیر پر کوئی سمجھوتا نہیں ہے، بیانیہ کی جنگ میں بھارت کو عبرتناک شکست دی ہے، نظام میں بلدیاتی قیادت کا کردار مسلمہ حقیقت ہے۔ اسی سے پائیدار ترقی کی راہیں کھلیں گی۔ انفراسٹرکچر کی بہتری کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں۔ بجلی چوری بڑا مسلہ ہے، بجلی پر ٹارگٹیڈ سبسڈی کا قائل ہوں۔ سیاسی نظام میں سیاسی کارکن اپنی سپیس کو برقرار رکھنے کے لئے متحرک کردار ادا کریں۔ وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق نے کہا کہ تحریک آزادی کشمیر پر کوئی سمجھوتا نہیں کریں گے۔ تحریک آزادی کشمیر کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ پاکستان نے ہمیشہ کشمیریوں کی ہر بین الاقوامی فورم پر بھرپور وکالت کی ہے، ٹارگٹیڈ سبسڈی کا قائل ہوں بجلی کے بے جا استعمال سے بجلی کے فیڈرز میں تکنیکی خرابیاں جنم لے رہی ہیں،۔ شہریوں کو بجلی کے اسراف سے گریز کرنا ہوگا۔ انھوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندگان کو ایک ارب کے فنڈز دیئے ہیں۔ 70 سالوں کی محرومیوں کے ازالہ کے لیے اقدامات اٹھا رہے ہیں۔

وزیراعظم نے کہا کہ پینے کے پانی کی بوند بوند کی قدر کرنا ہوگی، دارالحکومت میں پینے کے پانی کی سٹوریج کے لیے اقدامات اٹھائے ہیں۔ مظفرآباد شہر کی بہتری کے لیے بھی اقدامات اٹھائے ہیں، انھوں نے کہا کہ انفرسٹرکچر کی بہتری موجودہ حکومت کی ترجیح ہے۔ بلدیاتی نمائندگان اپنا فعال کردار ادا کریں گے تو سیاسی نظام پر اعتماد بڑھے گا۔ عوام کی فلاح کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھاتے رہیں گے۔ وزیراعظم نے جن مختلف مسائل پر گفتگو کی بلاشبہ وہ انتہائی اہم اور بنیادی ہیں لیکن ضرورت اس امر کی ہیکہ یہ تمام مسائل حل طلب اور توجہ طلب ہیں۔ مسئلہ کشمیر کے حوالے سے بھی عالمی سطح پر انتہائی متحرک کردار ناگزیر، بلدیاتی نمائندگان نے بھی مسائل حل کیلئے احتجاج کی کال دے رکھی ہے اور پیکیج بھی مسترد کر دیا، بجلی سستی ہونے کے بعد چوری کے مسائل اور اوور لوڈنگ کا مسئلہ بھی جوں کا توں ہے، عوام کی محرومیوں کے حل کیلئے بھی جس رفتار سے اقدامات اٹھائے جانے چاہیے تھے وہ تاحال ویسے نہیں اٹھائے جاسکے اور نوبت یہاں تک آن پہنچی ہے کہ آزاد کشمیر بھر میں وارڈ لیول پر مستقبل میں بڑے احتجاج کی تیاریاں ہو رہی ہیں، حکومت وقت کو چاہیے کہ ان تمام امور پر نظر ثانی کرتے ہوئے تقاریر سے دو قدم آگے جا کر عملی منصوبہ بندی تشکیل دیتے ہوئے متحرک کردار ادا کرے۔

5 فروری: یوم یکجہتی مقبوضہ کشمیر



تعلقات عامہ

شوکت علی ملک

5 فروری کو پاکستانی عوام مقبوضہ کشمیر کے عوام سے یکجہتی کے اظہار کرتے ہیں، آزاد کشمیر اور پاکستان سے ملنے والے پوائنٹس پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جاتی ہے جلسے اور جلوسوں میں پاکستان اور آزاد کشمیر کے عوام جوش و خروش سے حصہ لیتے ہیں اور مقبوضہ کشمیر کو ہندوستان سے آزاد کرانے کے لئے ہر طرح کی قربانی دینے اور جدوجہد جاری رکھنے کا عزم کرتے ہیں۔ حکمران جماعت کے اور حزب اختلاف کے رہنما متحد ہوکر یہ دن مناتے ہیں اور دنیا بھر میں یہ پیغام پہنچاتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر کو ہندوستان سے آزادی دلانے کی جدوجہد میں پوری پاکستانی قوم متحد ہے۔ یہ دن پہلی مرتبہ - 5 فروری 1990ء کو منایا گیا۔ جماعت اسلامی کے امیر قاضی حسین احمد نے اس وقت وزیراعلیٰ میاں نواز شریف کی مشاورت سے کشمیر میں عسکری تحریک کی حمایت کا اعلان کیا۔ اس وقت وفاق میں پیپلز پارٹی کی حکومت تھی اور بے نظیر وزیراعظم تھیں۔ ان کے وزیراعلیٰ پنجاب سے سیاسی اور ذاتی شدید اختلافات تھے لیکن انہوں نے قوم کے وسیع مفاد اور کشمیریوں کی جدوجہد آزادی کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے نواز شریف کے -5 فروری کو یکجہتی کشمیر کا دن منانے کی حمایت کی۔ یوم یکجہتی کشمیر کے لئے -5 فروری کا دن کیوں چنا گیا۔ جبکہ اس تاریخ کو کشمیر کی آزادی کی جدوجہد سے منسلک کوئی واقع پیش نہیں آیا تھا۔ اس بارے میں تفصیلات میسر نہیں۔ یوم یکجہتی کشمیر کا دن سب سے پہلے1975ء میں وزیراعظم ذوالفقار علی بھٹو نے -28 فروری کو منانے کا اعلان کیا۔ اس دن ہندوستان کے مقبوضہ کشمیر میں ہونے والے مظالم پر بھرپور احتجاج کیا گیا۔ اس دن پاکستان اور دنیا کے بیشتر ممالک میں بسنے والے پاکستانیوں اور کشمیریوں نے بھی جلسے منعقد کیے اور جلوس نکالے۔ -28 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر منانے کی تجویز جماعت اسلامی کے رہنما قاضی حسین احمد اور اس وقت کے آزاد کشمیر کے صدر سردار محمد ابراہیم نے وزیراعظم پاکستان ذوالفقار علی بھٹو کو دی تھی۔1990ء میں قاضی حسین احمد نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو یکجہتی کشمیر کا دن مخصوص کرنے کے بارے میں مشاورت کی اور -5 فروری کا دن چنا گیا۔ پہلی مرتبہ -5 فروری کو دن منانے کا سرکاری طور پر فیصلہ2004ء میں وزیراعظم میر ظفراللہ خان جمالی نے وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان آفتاب احمد خان شیرپاؤ سے مشاورت کے بعد کیا۔ اس دن وزیراعظم جمالی نے مظفرآباد میں پاکستان کے زیر انتظام کشمیر کی قانون ساز اسمبلی اور جموں و کشمیر کونسل کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کیا۔ اس دن سرکاری طور پر تعطیل بھی کی گئی۔2004ء سے اب تک ہر سال 5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کا دن روایتی جوش خروش سے منایا جاتا ہے۔ اس دن جلسے منعقد کیے جاتے ہیں اور کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے جلوس نکالے جاتے ہیں۔ ملک بھر میں سرکاری دفاتر، اسکول اور کالجوں میں عام تعطیل ہوتی ہے۔ جموں و کشمیر کونسل کا مشترکہ اجلاس منعقد ہوتا ہے اور وزیر اعظم بذات خود یا ان کا نمائندہ اس اجلاس میں شریک ہوتا ہے۔ پاکستان کے بیرون ممالک تمام سفارت خانوں میں بھی تقاریب منعقد ہوتی ہیں۔ اسکول اور کالجوں میں بھی آزادی کشمیر سے متعلق تقاریر اور ٹیبلو پیش کیے جاتے ہیں اور تجدید عہد کیا جاتا ہے کہ پاکستان کا ہر بچہ، مرد و عورت، جوان اور بوڑھا کشمیر کی آزادی کے لئے ہر قسم کی جدوجہد جاری رکھے گا اور ایک دن انشاء اللہ کشمیر کو آزاد کرا کر ہی دم لے گا۔ آزاد کشمیر کے سابق صدر مرحوم سردار عبدالقیوم نے قسم اٹھائی تھی کہ جب تک مقبوضہ کشمیر ہندوستان کے تسلط سے آزاد نہیں ہو جاتا وہ زمین پر سوئیں گے۔

آج کے دن ہم گزشتہ 78 برسوں میں اپنے کشمیری بہن بھائیوں کی لازوال قربانیوں کو بھی خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔ اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کا واحد اور حتمی حل صرف اور صرف کشمیریوں کی امنگوں کے مطابق جمہوری طریقے سے اقوام متحدہ کے تحت منعقدہ غیر جانبدار اور آزادانہ استصواب رائے سے کیا جائے گا۔ تاہم گزشتہ 78 برسوں سے بھارت نے غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر کے لوگوں کو ڈرانے اور انہیں دبانے کی مذموم مہم چلائی ہوئی ہے۔ غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر تسلط جموں و کشمیر میں وہاں کے نہتے معصوم لوگوں کو آہنی ہاتھوں سے دبانے کی کوششوں میں بھارت ماورائے عدالت قتل، غیر قانونی حراست، اور زیر حراست تشدد جیسے ہتھکنڈے اپناتا آرہا ہے۔ بھارت نے میڈیا پر پابندی اور کشمیری قیادت و انسانی حقوق کے علمبرداروں کو قید کیا ہوا ہے۔ یہ زیادتیاں اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں کسی سے ڈھکی چھپی نہیں بلکہ ان کی انسانی حقوق کی تنظیموں کی طرف سے نشاندہی بھی ہوتی رہی ہے اور یہ بین الاقوامی میڈیا میں بھی رپورٹ ہوتی ہیں ۔? بھارت کا غیر قانونی طور پر اپنے زیر تسلط جموں و کشمیر میں 5 اگست2019 کا اقدام بین الاقوامی قوانین، اقوام متحدہ کے چارٹر، چوتھی جنیوا کنونشن اور کشمیر سے (جاری ہے۔۔۔۔)

5 فروری اظہار یکجہتی کا تاریخی دن

چنار

☆☆☆

پروفیسر ریاض اصغر ملوٹی

تقسیم برصغیر کے وقت برصغیر562 چھوٹی بڑی ریاستوں میں کشمیر سب سے بڑی ریاست تھی جس کی80 فیصد سے زائد آبادی مسلمانوں پر مشتمل جب کہ حکمران غیر مسلم ڈوگرہ مہاراجہ ہری سنگھ تھا۔ 3 جون1947ء تقسیم ہند کے اعلان اور قانون کے مطابق یا ہم یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ ہر لحاظ سے کشمیر کا الحاق پاکستان سے ہی ہونا تھا مگر انگریز ہندو مشترکہ سازش اور باؤنڈری کمیشن کے غیر منصفانہ فیصلے جس میں پنجاب کے مسلم اکثریتی اضلاع گورداسپور، پٹھانکوٹ اور تحصیل زیرہ کے علاقے بھارت کے اس لئے حوالے کئے گئے کہ بھارت کو کشمیر میں داخل ہونے کے لئے زمینی راستہ مہیا ہو ان علاقوں کے علاوہ کوئی اور زمینی راستہ نہیں تھا۔ بھارت نے اسی راستے سے 27 اکتوبر1947ء کشمیر میں اپنی افواج داخل کر کے کشمیر کے بڑے حصے پر قبضہ کر لیا۔ موجودہ خطہ آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کا علاقہ یہاں کے مجاہدین نے لڑ کر آزاد کرایا جب بھارت کو پورا کشمیر ہاتھ سے جاتا دکھائی دینے لگا تو ایک تو اس نے اپنی زمینی اور فضائی پوری قوت سے کشمیر پر حملہ کر دیا دوسرا یکم جنوری1948ء مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ لے گیا مجاہدین کی اگر بروقت مدد کی جاتی تو مقبوضہ شہر سرینگر اور پونچھ آج ہمارے پاس ہوتے اور بہت بڑا فتح کیا گیا علاقہ واپس بھارت کے قبضے میں نہ جاتا ایل او سی آج چکوٹھی کے بجائے بارہمولہ سے آگے کہیں ہوتی۔ اس وقت کے پاک فوج کے انگریز سربراہ جنرل گریسی نے قائد اعظم کی حکم عدولی کی کہ ہم اپنی افواج کشمیر اس لئے نہیں بھیجتے کہ ہماری مشترکہ کمان ایک انگریز کے پاس ہے اور ہم اپنی انگریز کمان کے خلاف نہیں لڑیں گے جب کہ دوسری جانب بھارت کے انگریز کمانڈر انچیف نے فوجیں کشمیر میں داخل کر دیں اقوام متحدہ نے کشمیر میں یکم جنوری1949ء جنگ بند کرا دی مجاہدین کے قدم رک گئے۔ اقوام متحدہ نے 13 اگست 1948 اور یکم جنوری1949 کشمیر میں رائے شماری کرائے جانے کے حوالے سے مشہور قراردادیں منظور کیں پاک بھارت دونوں نے اتفاق کیا ناظم رائے شماری بھی مقرر ہو گیا مگر بھارت جلد ہی اپنے وعدے سے منحرف ہو گیا مختلف حیلے بہانے بناتے ہوئے کشمیر کو بھارت کا اٹوٹ انگ قرار دینا شروع کر دیا۔ اقوام متحدہ ویٹو پاور ممالک خاص کر امریکہ اور روس کی منافقانہ پالیسی کے نتیجے میں رائے شماری کی قراردادوں پر عمل نہیں ہو سکا۔1957ء میں روس نے رائے شماری کی قرارداد پر ویٹو کیا اگر مشرقی تیمور میں یو این قراردادوں پر عمل کرایا جا سکتا ہے تو کشمیر اور فلسطین کے مسائل پر اقوام متحدہ نے کیوں عمل نہیں کر رہا اس کی بنیادی وجہ دونوں خطوں میں مسلمان ہیں اگر یہاں غیر مسلم ہوتے تو50 سال قبل یہ مسئلے حل ہو چکے ہوتے۔ یہ عالمی سامراج کی اسلام دشمن پالیسی ہے۔ مسئلہ کشمیر پر ہمیشہ پاک بھارت تعلقات خراب رہے چار جنگیں ہو چکیں کم از کم دو سو مرتبہ مذاکرات ہو چکے۔ کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوا بھارت اس مسئلے کو حل نہیں کرنا چاہتا2003 سے تو ہم نے ایل او سی پر سیز فائر کر رکھا ہے۔ لگتا ہے امریکہ اور دیگر طاقتوں کی اشیر باد سے موجودہ ایل او سی کو مستقل سرحد بنانے پر پاک بھارت اندرون خانہ اتفاق کر چکے ہیں لیکن کشمیریوں کو یہ تقسیم قبول نہیں شاید اسی وجہ سے آج خطے میں نوجوان نظریاتی کشمکش کا شکار ہو کر خود مختار کشمیر کی طرف جا رہے ہیں بھارت اس تحریک کی بالواسطہ حوصلہ افزائی کر رہا ہے کشمیری گزشتہ 77 سالوں سے آزادی کی جنگ لڑ رہے ہیں،1989ء میں تحریک آزادی نے نئی کروٹ لی کشمیریوں نے بندوق اٹھائی اور1989ء سے اب تک ایک لاکھ سے زائد کشمیری شہید کئے جا چکے ہیں ہزاروں عورتوں کی عصمت دری کی گئی پیلٹ گن سے ہزاروں آنکھوں کی بینائی سے محروم ہو گئے ہزاروں معذور کر دیئے گئے ہزاروں آج بھی جیلوں میں ظلم و بربریت کا شکار ہیں 7ہزار خفیہ وہ قبریں دریافت ہوئی ہیں جن میں خفیہ طریقے سے قتل کر کے کشمیری نوجوانوں کو دفنایا گیا25 ہزار سے زائد عورتیں بیوہ ہو گئیں ہزاروں بچے یتیم کر دیئے گئے 50ہزار سے زائد لوگ ہجرت کر کے اس طرف آ گئے اندرا عبداللہ گٹھ جوڑ کے خلاف شہید بھٹو نے 28 فروری1975ء بروز جمعہ یوم یکجہتی کشمیر کے حوالے سے مثالی ہڑتال کرائی تھی اس سے مقبوضہ کشمیر میں جاری تحریک پر مثبت اثرات پڑے تھے۔1990ء میں مقبوضہ وادی کشمیر میں آزادی کی تحریک عروج پر تھی ہر طرف کشمیر بنے گا پاکستان کے نعرے اور سبز ہلالی پرچم کی بہار تھی لوگ سینوں پر گولیاں کھا کر سبز ہلالی پرچم میں لپٹ کر دفن ہو رہے تھے واقعی جہادی کلچر تھا محض زبانی نہیں عملی جہاد کلچر تھا چند دن قبل وزیراعظم آزاد کشمیر چوہدری انوارالحق نے جہاد اور جہادی کلچر کا اعلان کیا ہے ایک بڑھک ماری ہے عملی صورت حال صفر ہے دشمن کو ہوشیار چوکنا کرنے والی بات ہے1990 کے اس حقیقی جہادی کلچر کے ماحول میں اس وقت کے امیر جماعت اسلامی جناب قاضی حسین احمد نے 5 فروری1990 کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کا اعلان کیا اس حوالے سے مینار پاکستان ایک تاریخی جلسہ ہوا تھا قاضی صاحب نے مجاہدین اور مہاجرین کشمیر کی عملی مدد کی اپیل کی تھی جس پر عورتوں نے بھی اپنے زیورات فروخت کر کے رقم جہادی فنڈ میں جمع کرائی تھی میاں نواز شریف جو اس وقت آئی جے آئی کے صدر اور پنجاب کے وزیراعلیٰ تھے اور محترمہ بے نظیر بھٹو شہید وزیراعظم تھیں دونوں شخصیات نے قاضی صاحب کے اعلان کی شدومد سے حمایت کی تھی نوابزادہ نصراللہ خان جیسے مدبر مخلص اور ہمدرد شخص کو کشمیر کمیٹی کا چیئرمین بنایا گیا تھا5 فروری1990 کو بالہ پلی سے چکوٹھی تک انسانوں کی مسلسل لائن لگا کر ہاتھوں کی زنجیر بنائی گئی تھی عالمی میڈیا نے خوب کوریج دی تھی پورے ملک اور بیرون ممالک ہاتھوں میں ہاتھ ڈال کر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے حوالے سے مثالی اور تاریخی ہڑتال کی گئی تھی پاکستان اور آزاد کشمیر کے ہر انٹری پوائنٹ پر انسانی ہاتھوں سے زنجیر بنائی گئی تھی۔1990ء سے ہم ہر سال اس دن اظہار یکجہتی کے طور پر منا رہے ہیں۔ 1990 کے بعد مسئلہ کشمیر کے حوالے سے ایک خطرناک باب درج ہوا5 اگست 2019ء بھارت نے اپنے آئین سے دفعہ 370 کا خاتمہ کر کے اور35 اے میں ردو بدل کر کے کشمیر کی متنازعہ حیثیت ہی ختم کر دی۔ پاکستان اپنی اقتصادی بدحالی عدم استحکام انتشار اور افراتفری کی وجہ سے اس بھارتی خطرناک اقدام کے خلاف کوئی قابل ذکر قدم نہیں اٹھا سکا الٹا یہ بات زبان زد عام ہو کر گردش کر رہی ہے کہ پاکستان اور بھارت درپردہ تقسیم کشمیر کے فارمولے پر متفق ہو چکے ہیں۔ گلگت بلتستان پہلے آئینی صوبے کی کوشش پھر علاقائی صوبہ اور پھر جنرل باجوہ کی جانب سے بریفنگ میں آزاد کشمیر کی موجودہ حیثیت بدلنے کے عندیے پر شدید رد عمل ہوا اور مسئلہ کشمیر سرد خانے میں چلا گیا مسئلہ کشمیر اپنے حل سے اور دور ہوتا گیا اور مزید پیچیدہ ہو گیا پاکستان کے خلاف بھارتی اور عالمی سامراجی سازشیں جاری ہیں مشرقی سرحد پر سیز فائر کے باوجود ہر وقت خطرات موجود ہیں جب کہ آج ہماری مغربی سرحد مکمل غیر محفوظ ہے افغانی طالبانی حکومت سے تعلقات اچھے نہیں ہیں دہشت گردی عروج پر ہے آئے روز شہادتیں ہو رہی ہیں کشمیر بلوچستان اور کے پی کے میں بھارتی کی خفیہ ایجنسی را سرگرم عمل ہے امریکہ بھارت روس خفیہ گٹھ جوڑ ہے ایسے حالات میں ایک تو بحیثیت قوم ہمیں اتفاق و اتحاد پیدا کرنا ہوگا ہماری لیڈر شپ کو دانشمندی سے ملک کو بحرانوں سے نکالنا ہوگا اقتصادی بحران سے نجات بہتر منصوبہ بندی بددیانتی کے خاتمے عدم برداشت کے خاتمے کے ساتھ آگے بڑھنا ہوگا مظلوم کشمیری پاکستان اور عالم اسلام کی طرف دیکھ رہے ہیں کشمیریوں کی مدد جاری رکھی جائے بھرپور طریقے سے کشمیریوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کی جائے پاکستان کی سالمیت اور بقاء کے لئے مخلصانہ کوشش کی جائے چونکہ مضبوط پاکستان ہی کشمیر کی آزادی کا ذریعہ بن سکتا ہے۔ کشمیر کی مکمل آزادی سے ہی تکمیل پاکستان کا ایجنڈا مکمل ہوگا۔

☆☆☆☆

پنجاب میں بلدیاتی انتخابات ضروری ہیں

صدائے صحرا

رفیع صحرائی

rafisehraee5586@gmail.com

بلدیاتی ادارے جمہوریت کی نرسری ہوتے ہیں۔ کسی بھی ملک کی جمہوریت کی مضبوطی کا اندازہ لگانا ہو تو اس ملک کے بلدیاتی نظام اور بلدیاتی اداروں کو حاصل اختیارات سے لگایا جاتا ہے۔ یہ ادارے جمہوری معاشرے کی شان، جان، پہچان اور آن ہوتے ہیں۔ ان اداروں کے ذریعے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کیے جاتے ہیں۔ ترقی یافتہ ممالک میں ہمیں جمہوریت اوج ثریا پر نظر آتی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ وہاں بلدیاتی اداروں کے انتخابات میں باقاعدگی پائی جاتی ہے۔ ان کے جمہوری ادارے مکمل طور پر فعال اور بااختیار ہیں اور یہ ادارے مقامی سطح پر عوام کے مسائل حل کرنے میں سنجیدگی سے کوشاں رہتے ہیں۔

بدقسمتی سے ہمارے ہاں ہر شعبہ زندگی میں الٹی گنگا بہانے کا رواج ہے۔ "اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے چراغ سے" کے مصداق بلدیاتی اداروں کو سب سے زیادہ نقصان ہمارے سیاست دانوں اور جمہوری حکومتوں نے ہی پہنچایا ہے۔ وہ جنھیں ہم آمر کہتے ہیں ان کے ادوار میں جمہوری ادارے پھلے پھولے بھی اور فعال بھی رہے۔ اقتدار کی نچلی سطح تک منتقلی بھی ہوئی اور ان سیاسی نرسریوں نے ملکی سیاست کو بہت سے سیاستدان بھی عطا کئے جن میں ایک بہت بڑا نام میاں منظور احمد وٹو کا بھی ہے جنھوں نے بی ڈی کونسلر کی حیثیت سے اپنے سیاسی کیریئر کا آغاز کیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب کے منصب جلیلہ تک پہنچ گئے۔

ایوب خان کا بی ڈی نظام ہو یا جنرل ضیاالحق اور جنرل پرویز مشرف کے بلدیاتی سسٹم ہوں۔ سبھی نے بلدیاتی اداروں کو فعال اور مضبوط کیا۔ ہمارے سیاست دانوں کے لئے بلدیاتی نظام ایک ناپسندیدہ سسٹم ہے۔ آپ مشہور سیاسی خانوادوں پر نظر ڈال لیں۔ وہ کسی نہ کسی طور ہر حکومت کا حصہ رہے ہیں۔ جاگیرداروں اور وڈیروں کو وراثت میں زمین اور جائیداد کے ساتھ ساتھ سیاست بھی ملتی ہے۔ ان موروثی سیاست دانوں اور وڈیروں، جاگیرداروں کو بلدیاتی نظام وارا نہیں کھاتا۔ بلدیاتی نظام میں عام آدمی کو بھی آگے آنے کا موقع مل جاتا ہے جو اقتدار اور اختیارات پر قابض ان موروثی سیاست دانوں کو کسی صورت گوارا نہیں ہے۔

گزشتہ سال2024 میں یہ خبر تواتر کے ساتھ گردش کرتی رہی کہ پنجاب کے صوبائی وزیر بلدیات جناب ذیشان رفیق کی طرف سے ایک سمری تیار کر لی گئی ہے جو جون2024 میں ہی اسمبلی سے پاس کروائی جائے گی۔ اس سمری کے مطابق پنجاب میں یکم جولائی2024 سے 31 دسمبر2025 تک اٹھارہ ماہ کے لئے بلدیاتی اداروں کو جنھیں عمران خان کے دور میں معطل کیا گیا تھا اپنی مدت پوری کرنے کے لئے بحال کر دیا جائے گا۔ عوام کی طرف سے اس فیصلے پر خوشی کا اظہار کیا گیا تھا۔ کیونکہ صرف صوبہ پنجاب میں ہی بلدیاتی ادارے معطل ہیں اور پی ڈی ایم کی حکومت، نگران حکومت یا موجودہ جمہوری حکومت نے بلدیاتی اداروں کی بحالی یا نئے بلدیاتی انتخابات کروانے کی طرف پیش رفت نہیں کی تھی۔ یہاں تک کہ سابق چیف جسٹس آف پاکستان جناب عمر عطا بندیال جنھوں نے پنجاب اور خیبر پختونخوا کی اسمبلیاں ٹوٹنے کے بعد ان دو صوبوں میں عام انتخابات کروانے کے لیے ایڑی چوٹی کا زور لگا دیا تھا وہ بھی بلدیاتی اداروں کی طرف سے غافل ہی رہے۔ ایسے میں ان اداروں کی بحالی اور فعالیت کی خبر ٹھنڈی ہوا کا جھونکا تھی مگر اس خبر کی بازگشت بھی ابھی ختم نہ ہوئی تھی کہ گورنر پنجاب کی منظوری کے بعد محکمہ بلدیات اور محکمہ قانون کی طرف سے بلدیاتی اداروں کے ایڈمنسٹریٹرز کی ذمہ داریوں کے حوالے سے ایک نیا گزٹ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا تھا جس کے مطابق پنجاب کی واحد میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کے ایڈمنسٹریٹر کا عہدہ ڈپٹی کمشنر، ڈویژنل ہیڈ کوارٹرز کی میونسپل کارپوریشنز کے ایڈمنسٹریٹرز کے عہدے پر کمشنرز، میونسپل کارپوریشنز کے ایڈمنسٹریٹرز ڈسٹرکٹ جبکہ ایم سی ایل جونیئر آفیسرز کے حوالے کر دی گئیں۔ ایڈمنسٹریٹرز کو میئرز، ڈپٹی میئرز، چیئرمین اور وائس چیئرمین کے اختیارات بھی سونپ دیئے گئے جو منتخب بلدیاتی نمائندوں کی عدم موجودگی میں ان کی ذمہ داریاں ادا کرنے کے علاوہ اختیارات بھی استعمال کر رہے ہیں۔

اس وقت پنجاب میں صورت حال یہ ہے کہ گلیوں کے سولنگ اور نالیاں بھی ایم پی اے حضرات کی گرانٹ سے بنائے جاتے ہیں۔ وہ علاقے بدقسمت ہیں جن میں اپوزیشن پارٹی کا ایم پی اے جیتا ہے۔ ہمارے ہاں اپوزیشن کا ممبر اسمبلی صرف اسی وقت ڈویلپمنٹ فنڈز کا حقدار ٹھہرتا ہے جب وہ اپنی وفاداری تبدیل کر لیتا ہے۔ بصورت دیگر وہ فنڈز سے محروم رہتا ہے۔

اس وقت پنجاب ہی ایسا صوبہ ہے جہاں بلدیاتی نمائندے موجود نہیں ہیں۔ عمران خان نے اپنے دور حکومت میں پنجاب کے بلدیاتی اداروں پر کلہاڑا چلایا تھا۔ مرکز اور پنجاب میں اپنی حکومتیں ہونے کے باوجود وہ شکست کے خوف سے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروانے کی ہمت نہ کر سکے تھے۔ ان کے جانے کے بعد نگران حکومت کا طویل دور آیا۔ اس کی ترجیحات ہی کچھ اور تھیں۔ اب پنجاب میں مسلم لیگ ن کی حکومت کو بنے بھی ایک سال ہو گیا ہے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب میں اصلاحات اور تعمیر و ترقی کے حوالے سے انقلابی اقدامات کیے ہیں۔ امید کی جانی چاہیے کہ وہ صوبے میں بلدیاتی انتخابات کروا کر اختیارات کو نچلی سطح تک منتقل کر کے جمہوری عمل کو مزید آگے بڑھا جائیں گی۔

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں
......(ادارہ)

تلاش گمشدہ

میرا قومی شناختی کارڈ نمبر 82303-562655-8 دوران سفر کہیں گم ہو گیا ہے۔ اگر کسی کو مل لے تو برائے مہربانی درج ذیل پتہ پر ارسال کرے۔ المشتہر: سعدیہ لطیف زوجہ وقاص قیوم ساکن سروی بھالگراں ڈاکخانہ تھوراڑ تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔

اطلاع عام

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ مسمی محمد ریاض خان ولد محمد سعید خان ساکن رانٹ ہورنہ میرہ میرا حقیقی بھائی ہے۔ مسمی مذکور نے بیرون ملک بھیجنے کے لئے کچھ لوگوں سے لین دین کر رکھا ہے۔ جو کہ اب خود کچھ عرصہ سے کہیں غائب ہے۔ میرا مسمی مذکور کے لین دین سے کوئی تعلق واسطہ نہ ہے اور نہ ہی اس کے کسی فعل کا میں ذمہ دار ہوں۔ اگر کسی نے اس سے کوئی لین کر رکھا ہے یا آئندہ کرے گا تو اس کا وہ خود ذمہ دار ہوگا۔ المشتہر: محمد سجاد خان ولد محمد سعید خان ساکن رانٹ ہورنہ میرہ ڈاکخانہ ننگراں تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر۔

قاسم سماجی تنظیم دریک

سردار محمد ذاکر خان

غازیوں اور شہداء کی عظیم دھرتی ضلع پونچھ کے صدر مقام راولاکوٹ سے ایک دردمندانہ اپیل قاسم سماجی تنظیم دریک خدمت خلق میں پیش پیش 70 فیملیز کیلئے فوڈ پیکج ماہانہ بنیادوں پر دیا جا رہا ہے بارہ بے گھر لوگوں کو چھت کی سہولت مہیا کی گئی ہے درجنوں واٹر سپلائی سکیم مکمل کی گئی ہیں درجنوں مساجد کا رنگ روغن تزئین و آرائش کا کام کیا گیا مختلف مقامات پر مساجد کی تعمیر کی گئی ہے رمضان المبارک کا بابرکت مقدس ماہ شروع ہونے والا ہے اپنے تمام ڈونرز اور ممبران، عہدیداران و مخیر حضرات سے گزارش ہے کہ خود بھی اپنے دوست احباب و رشتہ داروں سے گزارش کریں کہ زیادہ سے زیادہ زکوٰۃ صدقات عطیات اور فطرانہ کی رقم قاسم سماجی تنظیم کو دیں اس نیکی اور خدمت خلق کے عظیم کام میں ہمارا ساتھ دیں ہمارے ہمسفر بن جائیں کوشش کریں کہ رمضان المبارک کے مقدس و بابرکت ماہ میں تمام ضرورتمند فیملیز اور لوگوں کو رمضان پیکج عید پیکج بروقت دیا جا سکے۔ ہم آپ کے تعاون کے شکرگزار رہیں گے۔ یاد رہے کہ قاسم سماجی تنظیم بیوہ خواتین یتیم بچوں درس میں پڑھنے والے بچوں انتہائی غریب ضرورتمندوں کو ماہانہ بنیادوں پر فوڈ پیکج دے رہی ہے۔ خاص بات یہ ہے کہ ہر ایک کی عزت نفس کا خاص خیال رکھا جاتا ہے سامان دیتے ہوئے کسی کی کوئی تصویر نہیں بنائی جاتی بلکہ خاموشی کے ساتھ یہ سہولت آپ کو مہیا کی جاتی ہے بے گھر لوگوں کو جن کی مالی حالت ایسی نہیں ہوتی کہ وہ کئی سال تک اپنا گھر تعمیر کر سکیں۔ تنظیم ان کی مدد کرتے ہوئے ان کو دو کمرے باتھ روم کچن تعمیر کر کے دیتی ہے اس وقت تنظیم کے پاس بے شمار درخواستیں موجود ہیں جن میں فوڈ پیکج اور گھروں کی تعمیر کیلئے درخواست کی گئی ہے مگر تنظیم کی مالی حالت ایسی نہیں ہے کہ ان کی کوئی مدد کی جا سکے اس لئے ہم نے اپنے عہدیداران، ممبران اور ڈونرز سے گزارش کی ہے کہ ہمارا ساتھ دیں مخیر حضرات تک پہنچیں ہمارا پیغام ان تک پہنچا دیں۔ کسی کو چھت مہیا ہو جائے کسی فیملی کو فوڈ پیکج مل سکے اور ہماری کوشش ہے کہ آپ کے تعاون سے لوگوں کو خود کفالت کی طرف لے جائیں کسی فیملی کو گائے بھینس یا بکریاں خرید کر دیں انڈوں والی مرغیاں لے کر دیں چھوٹی موٹی دکان ڈال کر دیں سلائی کا کام جاننے والوں کو سلائی مشین لے کر دی جائے یہ سب آپ کے تعاون کے بغیر ممکن نہیں ہو سکتا ہے۔ ہمارا آپ سے وعدہ ہے کہ ہم آپ کے معیار اور اعتبار پر پورے اتریں گے۔ اللہ تعالیٰ ہماری مدد فرمائے قاسم سماجی تنظیم دریک کئی سالوں سے خدمت میں مصروف کار ہے صاف اور شفاف طریقے سے خدمت میں کام سرانجام دیئے جاتے ہیں۔ مکمل ریکارڈ موجود ہے جو پراجیکٹ مکمل ہوتا ہے اس کی ساری تفصیل اخراجات اور آمدن گروپ میں شیئر کی جاتی ہے تاکہ ساتھ نگرانی کا عمل بھی جاری رہے ہمارا یہ اعلان ہے کہ آپ کسی ایک منصوبے یا کسی بھی تنظیم کے کام سے ایک روپے کی خرد برد ثابت کریں ہم اس کے بدلے آپ کو ہزار روپے انعام دیں گے۔ تنظیم کے عہدیداران ممبران اپنی ذاتی جیب سے اخراجات کر کے لوگوں تک پہنچتے ہیں منصوبہ جات کا معائنہ کرتے ہیں کسی ممبر یا عہدیدار کو تنظیم کی طرف سے کوئی تنخواہ یا اعزازیہ نہیں دیا جاتا بلکہ خدمت خلق کے جذبے سے سرشار ہمارے معزز ڈونرز عہدیداران و ممبران دن رات مصروف ہیں۔ آپ کو اپنی تنظیم پر فخر ہونا چاہیے راولاکوٹ میں قرآن پاک کی بے حرمتی کا واقعہ رونما ہوا قرآن پاک کی بے حرمتی کی گئی سینکڑوں قرآن پاک کے نسخے ایک گندے نالے میں ڈالے گئے ہر طرف سے اس عمل کی مزاحمت کی گئی مگر قرآن پاک کے شہید نسخوں کو محفوظ کرنے کی طرف کسی نے بھی نہ سوچا، آپ کی اس تنظیم نے ڈویژنل اور ضلعی انتظامیہ سے زمین کے حصول کیلئے درخواست کی کہ خالصہ سرکار سے زمین دی جائے تاکہ ایک خوبصورت قرآن ہاؤس تعمیر کیا جا سکے مگر خالصہ سرکار سینکڑوں کنال زمین موجود ہے جس جگہ قرآن ہاؤس کیلئے زمین مہیا کی گئی مقامی معززین علاقہ نے وہاں پر تعمیر نہ کرنے دی بلکہ سخت مخالفت کی یہ جگہ قبرستان کیلئے ہے صدر تنظیم ڈاکٹر قاضی نثار کے والد محترم قاضی رشید صاحب نے اپنی زمین واقع دریک سے اجو لاکھوں روپے مالیت کی ہے اپنی زمین سے پانچ مرلہ قرآن ہاؤس کیلئے وقف کر دیا۔ ہم ان کے شکرگزار ہیں اور دعا گو ہیں اللہ تعالیٰ اس کے بدلے ان کو جنت الفردوس میں ایک خوبصورت محل عطا فرمائے۔ قاسم سماجی تنظیم نے اپنے عہدیداران وممبران اور ڈونرز کے تعاون سے ریاست کا پہلا خوبصورت ترین قرآن ہاؤس قلیل مدت میں تعمیر کیا ہے جو ریاست بھر کیلئے اپنی مثال آپ ہے ایک خوبصورت ماڈل کے طور پر موجود ہے اس وقت دور دور سے لوگ شہید قرآن پاک کے نسخے وہاں پر جمع کروا رہے ہیں۔ اس موقع پر ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ قاسم سماجی تنظیم کے عہدیداران وممبران اور ہمارے انتہائی معزز ڈونرز کو صحت وسلامتی اور ایمان والی زندگی عطا فرمائے۔ ان کے مال و دولت میں اضافہ فرمائے، خیر اور برکت ڈالے ان کو دن دگنی رات چگنی ترقی عطا فرمائے۔ ان کا سایہ تنظیم اور ان کی عزیزوں پر لمبے عرصے تک قائم رکھے (آمین)

☆☆☆

ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کی ریٹائرمنٹ

مہمان کالم

ڈاکٹر ثاقب جاوید

سردار ساجد عمران خان ایس ایس پی سدھنوتی پلندری کی ریٹائرمنٹ پر الوداعی تقریب کا انعقاد۔ سردار ساجد عمران خان ایس ایس پی سدھنوتی (پلندری) کی ریٹائرمنٹ پر ضلع سدھنوتی کی طرف الوداعی پارٹی 24 جنوری 2025ء کو الاشرف ہوٹل میں منعقد ہوئی اس سادہ مگر پروقار تقریب میں وزیر سماجی بہبود آزاد کشمیر سردار محمد حسین خان ایڈووکیٹ سابق جسٹس ہائی کورٹ و سپریم کورٹ جسٹس سردار عبدالحمید خان کمشنر پونچھ ڈویژن سردار سردار وحید خورشید خان ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق خان چیئرمین ضلع کونسل امجد جاوید تمام ضلعی آفیسران سدھنوتی ایس ایس پی پونچھ خرم اقبال ایس ایس پی باغ راجہ اکمل پریس کے نمائندگان سول سوسائٹی سے تعلق رکھنے والے شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی تقریب کی صدارت کمشنر پونچھ ڈویژن سردار وحید خورشید خان نے کی جبکہ مہمان خصوصی ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان تھے۔ نظامت کے فرائض پی آئی انسپکٹر محمد ظفر نے سرانجام دی۔ اسٹیج پر وزیر سماجی بہبود سردار محمد حسین خان ایڈووکیٹ کمشنر پونچھ ڈویژن ڈپٹی کمشنر سدھنوتی الطاف قادری دونوں ڈی ای اوز میل فی میل، ہورنہ میرہ تعلق رکھنے والے سابق کونسلر سردار عاشق حسین خان اور چیئرمین ضلع کونسل امجد جاوید ایس ایس پی پونچھ خرم اقبال ایس ایس پی باغ راجہ اکمل تشریف فرما تھے۔ تلاوت کلام پاک سے تقریب کا آغاز ہوا۔ مقررین نے ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کے حالات زندگی اور بحیثیت ایک پولیس آفیسر حالات پر تفصیلی روشنی ڈالی اور ان کی خدمات پر انہیں زبردست الفاظ میں مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا۔ ایک بجے جمعہ مبارک کی وجہ سے تقریب کو روکا گیا جمعہ کی ادائیگی کے بعد دوبارہ دو تین پر تقریب شروع ہوئی۔ ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کو تحفے تحائف دیئے گئے۔ اس کے بعد تقریب میں شرکاء کو پرتکلف کھانا دیا گیا۔ کھانے کے اختتام پر دعا کے ساتھ ریٹائر ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کو الوداع کیا گیا۔ سردار ساجد عمران خان ریٹائر ہونے والے ایس ایس پی کو ان کے گاؤں والے کثیر تعداد میں لینے گئے ہوئے تھے جن میں ڈسٹرکٹ کونسلر ہورنہ میرہ ممبر سردار سردار محمد نذیر خان کی قیادت میں بارہ گاڑیوں کا جلوس تھا ان کے علاوہ چیئرمین یونین کونسل ہورنہ میرہ سردار محمد سعید خان سابق کونسلر ہورنہ میرہ سردار عاشق حسین خان سیاسی و سماجی رہنما سردار سیاب شریف، سردار تصدق خان معروف سیاسی و سماجی رہنما سردار محمد جاوید صادق خان (ر) AEO، بابو سردار محمد نذیر خان سردار خورشید سردار خان سردار حسن پرویز خان سردار امتیاز خان سردار طالب حیات سردار ذین اشرف حافظ آصف اور دیگر احباب کثیر تعداد میں وہاں موجود تھے۔ ریٹائرڈ ہونیو الے ایس ایس پی کو پولیس آفیسران کی کثیر تعداد نے اور ان کے علاقے سے گئے ہوئے لوگوں کی کثیر تعداد کی قیادت کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق خان ریٹائرڈ ایس ایس پی سردار ساجد عمران کی رہائش گاہ واقع ہورنہ میرہ لب آئے۔ راستہ میں جگہ جگہ ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کا والہانہ استقبال کیا گیا مجاہد آباد کے مقام پر چیئرمین سردار سعید خان کونسلر ارشد خان اور سردار شفیق اسلم کی قیادت میں مجاہد آباد کے لوگوں نے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کو پھولوں کے ہار پہنائے اور پھولوں کی پتیاں بھی نچھاور کیں۔ ہورنہ میرہ بازار میں بھی ان کا بہت ہی شاندار استقبال کیا گیا اور پھولوں کی پتیاں بھی نچھاور کی گئی۔ رہائش گاہ پہنچنے سردار ساجد عمران خان کے عزیز و اقارب مرد و زن اور گاؤں کے سبھی لوگوں نے ایک کثیر تعداد میں شرکت کی اور ان کا پرجوش طریقے سے استقبال کیا گیا۔ ریٹائر ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کی رہائش گاہ پر ایک تقریب کا انعقاد ہوا۔ جس کی صدارت ڈپٹی کمشنر سدھنوتی سردار عمر فاروق خان نے کی، جبکہ مہمان خصوصی ریٹائرڈ ہوتے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان تھے۔ نظامت کے فرائض معروف سیاسی و سماجی رہنما سردار محمد جاوید صادق خان ریٹائرڈ AEO نے سرانجام دیئے۔ اس موقع پر سردار محمد الطاف خان سابق چیئرمین سابق ڈسٹرکٹ کونسلر تھوراڑ ڈسٹرکٹ کونسلر ہورنہ میرہ سردار محمد نذیر خان چیئرمین سردار محمد سعید خان سابق کونسلر ہورنہ میرہ سردار عاشق حسین خان سردار سیاب شریف خان سردار امجد نسیم ایڈووکیٹ سردار ندیم انجم سیکرٹری پی ڈی اے سردار شفیق اسلم خان اور سردار محمد وحید خان نے سردار ساجد عمران خان کو باعزت اور باوقار تقریب سے سروس مکمل کرنے پر مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا اور ضلع سدھنوتی والوں کا شکریہ ادا کیا۔ اسٹیج سیکرٹری سردار محمد جاوید صادق خان ریٹائرڈAEO ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران خان کے تایا زاد بھائی ہیں نے اپنے خطاب میں ضلع سدھنوتی پلندری کے عوام کا تمام ضلعی آفیسران کا سدھنوتی کے پولیس آفیسران سول سوسائٹی اور پریس والوں کا جس انداز سے شکریہ ادا کیا اس کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے ڈپٹی کمشنر سدھنوتی کی وساطت سے تمام ضلع کے لوگوں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہم یہ تعلق پوری زندگی سدھنوتی والوں سے قائم رکھیں گے۔ مہمان خصوصی ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران نے اپنے خطاب میں کہا کہ میں سدھنوتی والوں کا پونچھ والوں کا اور اپنے گاؤں کے مرد و زن کا انتہائی شکرگزار ہوں کہ انہوں نے مجھے جو عزت دی اور میری حوصلہ افزائی فرمائی میں سب کا دل کی اتھاہ گہرائیوں سے شکریہ ادا کرتا ہوں۔ صدر تقریب ڈپٹی کمشنر سدھنوتی پلندری نے اپنے خطاب میں کہا کہ ہورنہ میرہ مردم خیز دھرتی کے لوگ آپ لوگ بہت عظیم لوگ ہیں۔ آپ نے جس طریقہ سے میرا اور ریٹائرڈ ہونے والے ایس ایس پی سردار ساجد عمران کا استقبال کیا میں آپ کا بہت شکریہ ادا کرتا ہوں اور جن الفاظ سے سردار محمد جاوید صادق خان (ر) AEO نے میرا سدھنوتی کے عوام کا شکریہ ادا کیا اس کی میرے نزدیک مثال نہیں ملتی ان کا بھی بہت بہت شکریہ اس کے بعد اختتامی دعا ہوئی اور معزز مہمانان گرامی کو مختلف انواع کے کھانوں سے تواضع کی گئی۔ تقریب کا اختتام دعا سے کیا گیا اور باہر سے آئے ہوئے سارے مہمانوں کو پرتپاک طریقے سے الوداع کیا گیا۔

پاکستانی سیاست میں مذہبی کارڈ کا استعمال

مہمان کالم

چوہدری راحیل جہانگیر

پاکستان کے لوگ دو باتوں کا اثر لیتے ہوئے بہت جذباتی ہو جاتے ہیں۔ ان میں ایک مذہب ہے اور دوسرا امریکہ۔ جس نے ملکی سیاست میں کامیاب ہونا ہو وہ اسی نسخے کا استعمال کرتا ہے۔ جو زیادہ اچھے طریقے سے یہ کارڈ استعمال کرتا ہے وہ اتنا ہی بڑا اور پاپولر لیڈر بن جاتا ہے۔ مذہب کا کارڈ استعمال کر کے جذباتی عوام کا دل جیتا جاتا ہے اور امریکہ کو للکار کر سیاست میں بام عروج حاصل کیا جاتا ہے۔ ہمارے سیاستدانوں نے مذہب کارڈ اتنی بار اور اس طرح استعمال کیا ہے کہ اب جذباتی عوام کسی قانون کو مانتے ہیں نہ کسی عدالت کو بلکہ اپنی عدالت لگا کر موقع پر سزا سنا کر مذہب سے وفاداری کا ثبوت دیتے ہیں۔ یہ وہ دکھتی رگ ہے جس پر ہاتھ رکھ کر اپنے سیاسی مخالفین دشمنوں اور حریفوں سے بدلہ لیا جاتا ہے۔ معصوم ذہنوں کو مذہبی کارڈ کے ذریعے برین واشنگ کر کے خودکش بمبار بنا دیا جاتا ہے۔ ان کے ذہنوں میں یہ بات ڈال دی جاتی ہے کہ ان کے علاوہ باقی تمام لوگ مذہب کے مخالف اور دشمن ہیں۔ ان دشمنوں کو مارنا جرم نہیں نیکی کا کام ہے۔ اس طرح معصوم لوگ خودکش بمبار بن کر اپنے لوگوں کو مار کر جنت کے خواستگار بن جاتے ہیں۔ ہمارے دینی مدارس اور علماء اکرام اس مذہبی شدت پسندی کا مقابلہ اس انداز میں نہیں کر سکے جس طرح کرنا چاہیے تھا۔ ہماری کچھ مذہبی سیاسی جماعتیں اس بگاڑ میں پوری طرح ملوث ہیں۔

پاکستان میں مذہب کا نام استعمال کرتے ہوئے خود ہی عدالت لگا کر موقع پر سزا دینے کا ٹرینڈ خطرناک صورتحال اختیار کر چکا ہے۔ اس میں ہمارے عدالتی نظام اور حکمرانوں کا بھی قصور ہے۔ عدالتیں توہین مذہب اور توہین رسول کے کیسوں میں اتنی تاخیر کرتی ہیں کہ لوگ مایوس ہوکر قانون اپنے ہاتھ میں لے لیتے ہیں۔ فرانس میں توہین رسول ہوئی۔ پاکستانی قوم سراپا احتجاج بن گئی۔ حکومت فرانس سے احتجاج تو کیا کرتی الٹا اس نے یورپی یونین کے ڈر سے ان لوگوں پر گولیاں برسا دیں جو فرانس کے سفیر کو ملک بدر کرنے کا مطالبہ کر رہے تھے۔

یہاں پر پرامن مذہبی جماعت کو دہشت گرد قرار دے کر پابندی لگا دی جاتی ہے تاکہ اپنے بیرونی دنیا کو خوش کیا جا سکے۔ یہ بات روز روشن کی طرح عیاں ہے کہ مذہب کا نام استعمال کیے بغیر پاکستان میں کوئی تحریک کامیاب نہیں ہو سکتی۔ مذہب کو بنیاد بنا کر مردان میں ہونہار طالب علم مشال خان کو مار دیا جاتا ہے۔ راولپنڈی میں مسجد پر حملہ ? لاہور میں چرچ میں بم دھماکے ? عیسائیوں کی طرف سے دو مسلمانوں کو زندہ جلاتا? لاہور میں کرسچن بستی کو جلانا? کوٹ رادھا کشن میں عیسائی جوڑے کو زندہ جلانا اور سری لنکن استاد کا قتل بڑھتی ہوئی مذہبی شدت پسندی کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اگر پاکستان کو امن کا گہوارہ بنانا ہے تو خدارا سیاسی جماعتیں معصوم عوام کے ساتھ مذہبی کھلواڑ بند کریں ورنہ یہ شدت پسندی اتنی بڑھے گی کہ اس کو کوئی کنٹرول نہیں کر سکے گا۔

بقیہ 1

انٹی کرپشن کی خصوصی عدالت کے جج سردار محمد اقبال نے رمضان شوگر ملز کیس کی سماعت کی۔ شہباز شریف اور حمزہ شہباز کے وکیل امجد پرویز نے دلائل دیتے ہوئے کہا کہ پنجاب اسمبلی نے سال 2014-15 کے ترقیاتی منصوبے میں نالے کی تعمیر کی منظوری دی تھی، یہ نالہ اس وقت کے ممبر صوبائی اسمبلی مولانا رحمت اللہ کی درخواست پر بنایا گیا، اور اس میں حمزہ شہباز کا کوئی کردار نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ بجٹ کی منظوری کے بعد اس کے لیے فنڈز جاری کیے گئے، اور اس نالے کو 10 گاؤں استعمال کر رہے ہیں، وکیل نے بتایا کہ نیسپاک کی رپورٹ کے مطابق رمضان شوگر مل کا پانی گندے نالے میں زیادہ گرتا ہے، جب کہ باقی علاقوں کا پانی کم ہے۔ پراسیکیوشن کے مطابق سرکاری انجینئر نے رپورٹ دی کہ نالے کی تعمیر میں ناقص میٹریل استعمال کیا گیا اور اس کا بنیادی مقصد رمضان شوگر ملز کو فائدہ پہنچانا تھا۔ وکیل صفائی نے کہا کہ یہ کیس سیاسی بنیادوں پر بنایا گیا ہے، اس میں گواہوں کو طلب کرنے کی ضرورت نہیں۔ عدالت نے دلائل مکمل ہونے کے بعد فیصلہ محفوظ کر لیا، جو 6 فروری کو سنایا جائے گا۔

بقیہ 2

نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قلات واقعہ افسوسناک ہے، لواحقین کے غم میں برابر کے شریک ہیں، واقعے میں ملوث عناصر کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا، مسائل کا پائیدار حل ڈائیلاگ سے نکلتا ہے تو اچھی بات ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کوئی بات کرنا نہیں چاہتا تو تشدد کی اجازت نہیں دے سکتے، ریاست کی رٹ ہر حال میں قائم رکھی جائے گی، بلوچستان میں پہلی بار اساتذہ اور محکمہ تعلیم کی بھرتی میرٹ پر ہوئی، تاریخ میں پہلی بار محکمہ کی کوئی نوکری فروخت نہیں ہوئی، عام آدمی نے میرٹ پر ہونے والی بھرتیوں پر اطمینان کا اظہار کیا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کا کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف منظم سازشیں ہو رہی ہیں، ہمیں چوکنا رہنا ہوگا، دشمن تین محاذوں پر جنگ لڑ رہا ہے اس کا ہر صورت مقابلہ کریں گے، بعض عناصر بندوق کے ذریعے تشدد کا راستہ اپنا رہے ہیں، ریاست کے خلاف نفرت پھیلانے والوں کو کامیاب نہیں ہونے دیں گے۔ میر سرفراز بگٹی نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا کے ذریعے نوجوانوں کی ذہن سازی کی جا رہی ہے، بلوچستان میں امن کے لیے سنجیدہ کوششیں جاری ہیں، وزیر اعظم کی جانب سے یکجہتی و تعاون کی یقین دہانی پر مشکور ہوں۔

بقیہ 3

تک ریاست جموں و کشمیر کے عوام اپنے بھرپور اظہار یکجہتی کا بے مثال مظاہرہ کریں گے۔ تمام پلوں پر انسانی ہاتھوں کی زنجیر بنائی جائے گی اور شہروں میں ریلیوں اور جلسوں کا انعقاد ہوگا۔ اہلیان پاکستان اندرون و بیرون ممالک کشمیریوں کے حق میں

آج چار فروری بروز منگل افتتاح کر رہے ہیں۔ سردار خورشید خان سردار نصری خان سردار تنویر خان سردار ظہیر خان نے تیاریاں مکمل کر لیں۔ افتتاح کے موقع پر ان کا شاندار استقبال کیا جائے گا۔

بقیہ 10

کورٹ میں ججز کی نئی سنیارٹی لسٹ مرتب کر لی گئی، لاہور ہائیکورٹ کے 20 ججز کی سنیارٹی لسٹ میں ایک درجے کا اضافہ ہو گیا، جسٹس احمد جاوید گھرال سنیارٹی لسٹ میں 16 ویں سے 15 ویں نمبر پر آ گئے ہیں جبکہ جسٹس طارق سلیم شیخ 17 ویں سے 16 ویں نمبر پر براجمان ہو گئے ہیں۔ جسٹس جواد حسن 18 ویں سے 17 ویں نمبر پر آ گئے، جسٹس مزمل اختر شبیر 19 ویں سے 18 ویں، جسٹس چوہدری عبدالعزیز 20 ویں سے 19 ویں، جسٹس انوار الحق پنوں 21 ویں سے 20 ویں نمبر پر آ گئے، اسی طرح جسٹس فاروق حیدر 22 ویں سے 21 ویں، جسٹس وحید خان 23 ویں سے 22 ویں نمبر پر پہنچ گئے، جسٹس رسال حسن سید 24 ویں سے 23 ویں، جسٹس عاصم حفیظ 25 ویں سے 24 ویں، جسٹس صادق محمود خرم 26 ویں سے 25 ویں، جسٹس احمد ندیم ارشد 27 ویں سے 26 ویں، جسٹس طارق ندیم 28 سے 27 ویں، جسٹس انجم رفیق 29 ویں سے 28 ویں، جسٹس عابد حسین 30 ویں سے 29 ویں اور جسٹس انوار حسین 31 ویں سے 30 ویں نمبر پر آ گئے ہیں۔ سنیارٹی لسٹ کے مطابق جسٹس علی ضیا باجوہ 32 ویں سے 31 ویں، جسٹس سلطان تنویر 33 ویں سے 32 ویں، جسٹس رضا قریشی 34 ویں سے 33 ویں اور جسٹس راحیل کامران شیخ 35 ویں سے 34 ویں نمبر پر آ گئے

بقیہ 11

کروڑ روپے مختص کیے گئے۔ 2024-25 سے، جموں و کشمیر پولیس کا بجٹ بھارتی بجٹ کا حصہ رہا ہے۔ بھارتی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر پولیس کو کشمیریوں کے خلاف ظلم و جبر کے لیے استعمال کر رہی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جموں و کشمیر پولیس کی قیادت بھی بھارتی افسران پر مشتمل ہے۔ بھارتی حکومت نے جموں و کشمیر پولیس کو حریت پسندوں کے خلاف آپریشن کے لیے بھی مامور کر رکھا ہے

بقیہ 12

دوران میر واعظ نے مقبوضہ جموں و کشمیر کی صورتحال پر روشنی ڈالی اور وہاں کے عوام کو بھارتی قبضے کے تحت درپیش مشکلات کو اجاگر کیا۔ علمائے دین نے میر واعظ کا پرتپاک استقبال کیا اور مسلم اتحاد اور کمیونٹی کو درپیش چیلنجوں سے نمٹنے میں قیادت کے اہم کردار کے بارے میں بامعنی بات چیت کی۔ شاہی امام سید احمد بخاری اور مفتی مکرم احمد نے امن اور مکالمے کی وکالت کرنے